Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ عوام کی بے ساختہ للکار ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

جلد 13 جمعرات، 7 جولائی 2022ء، 7 ذوالحجہ 1443ھ 24 ہاڑ 2079 ب م ، قیمت 20 روپے شمارہ 83

800 کروڑ کے ٹیکس لگانے پڑینگے

بلاول بھٹو زرداری

مہنگائی کی ذمے دار عمران نیازی کی سلیکٹڈ حکومت تھی جسکا خمیازہ آج اتحادی حکومت سمیت قوم بھگت رہی ہے تبدیلی کا دعوی کرنیوالوں کو آج مہنگائی پر جھوٹا واویلا کرتے وقت شرم آنی چاہیے

عمران خان نے آئی ایم ایف سے جولائی 2019 میں چھ ارب ڈالر کا معاہدہ کیا تھا جس کے تحت آئی ایم ایف کی تمام تر عوام دشمن شرائط کو پورا کیا گیا

ملتان (نمائندہ خصوصی) چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی و وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ آئی ایم ایف معاہدے کے تحت 800 کروڑ کے ٹیکس لگانے پڑینگے۔ چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی و وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ مہنگائی کی ذمے دار عمران نیازی کی سلیکٹڈ حکومت تھی جس کا خمیازہ آج اتحادی حکومت سمیت پوری قوم بھگت رہی ہے تبدیلی کا دعوی کرنے والوں کو آج مہنگائی پر جھوٹا واویلا کرتے وقت شرم آنی چاہیے۔ پیپلز پارٹی جنوبی پنجاب کے وفد سے ملاقات میں انہوں نے کہا کہ عمران خان نے آئی ایم ایف سے جولائی 2019 میں چھ ارب ڈالر کا معاہدہ کیا تھا جس کے تحت آئی ایم ایف کی تمام تر عوام دشمن شرائط کو پورا کیا گیا انہوں نے ہی بجلی گیس کی قیمتوں میں اضافہ اور اس کے ساتھ ساتھ ٹیکس کی شرح میں بھی اضافہ کیا انہی شرائط کے نتیجہ میں عمران خان اور اس کی کابینہ کی اجازت سے اسٹیٹ بینک (بقیہ نمبر 5)

کالعدم ٹی ٹی پی کیساتھ بات چیت 'پری ڈائیلاگ' اسٹیج پر ہے، وزیر داخلہ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ رانا ثنا اللہ نے کہا ہے کہ ابھی کالعدم تحریک طالبان پاکستان کے ساتھ بات چیت 'پری ڈائیلاگ' اسٹیج پر ہے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے رانا ثنا اللہ نے بتایا کہ سب سیاسی جماعتوں نے کہا کہ کالعدم ٹی ٹی پی کے ساتھ مذاکرات ہونے چاہئیں۔ وزیر داخلہ نے کہا کہ عسکری قیادت نے کہا ہے کہ ایک (بقیہ نمبر 4)

خط بشری بی بی کی ہدایت پر نکالا گیا، مریم اورنگزیب

سابق وزیراعظم عمران خان کی اہلیہ بشری بی بی اداروں کے خلاف مہم چلانے کی ہدایات دیتی رہیں

لاہور (بیورو چیف) وفاقی وزیر اطلاعات مریم اورنگزیب کا کہنا ہے کہ سابق وزیر اعظم عمران خان کی اہلیہ بشری بی بی اداروں کے خلاف مہم چلانے کی ہدایات دیتی رہیں، خط ان کی ہدایت پر نکالا گیا۔ اسلام آباد میں میڈیا (بقیہ نمبر 1)

جون میں روشن ڈیجیٹل اکاؤنٹس میں 25 کروڑ ڈالر جمع

روشن ڈیجیٹل اکاونٹس میں جون میں مئی کے مقابلے میں 32 فیصد زائد رقم جمع کرائی گئی

اسلام آباد (بیورو چیف) اسٹیٹ بینک آف پاکستان (ایس بی پی) کے اعداد و شمار میں بتایا گیا ہے کہ جون میں روشن ڈیجیٹل اکاونٹس میں 25 کروڑ ڈالرز جمع کرائے گئے۔ ایس بی پی اعلامیے کے مطابق روشن ڈیجیٹل اکاونٹس (بقیہ نمبر 2)

فرح گوگی کیخلاف کرپشن کی تحقیقات میں اہم پیشرفت

تحقیقات کا آغاز شہریوں کی درخواست پر کیا گیا، اینٹی کرپشن

لاہور (ہادی حسین) عمران خان کی اہلیہ کی قریبی دوست فرح گوگی کے خلاف کرپشن کی تحقیقات میں اہم پیش رفت سامنے آئی ہے۔ اینٹی کرپشن نے سکیورٹی اینڈ ایکسچینج کمیشن پاکستان سے فرح گوگی سے متعلق ریکارڈ طلب (بقیہ نمبر 3)

لاہور، وزیراعلی پنجاب حمزہ شہباز شریف سے نیدر لینڈ کے سفیر ووٹر پلمپ ملاقات کر رہے ہیں

بتائیں کیا ان کرپشن کی تحقیقات کرنا دیوار سے لگانا ہے کیا وہ دھونس دھمکی سے اقتدار اور این آر او حاصل کرنا چاہتے ہیں

اپنی کرپشن بتانے کو تیار نہیں

عمران خان سب کچھ بتانے کو تیار ہیں

رانا ثناء اللہ

عمران خان خود اپنے مخالفین کیخلاف اس طرح کے اقدامات کرتے رہے ہیں جبکہ ان کیساتھ تو ابھی تک اس طرح سے کچھ بھی نہیں ہوا، کہہ رہے ہیں مجھے دیوار سے لگایا جا رہا ہے

مجھ پر ڈالی گئی 15 کروڑ کی ہیروئن کس کی ہے، اس کا جواب نہیں دیا، میں چیف جسٹس اور اس بینچ سے مطالبہ کرتا ہوں جس نے پوسٹنگ، ٹرانسفر پر ازخود نوٹس لیا ہے

عمران خان کہتے ہیں کہ ہراساں کیا جا رہا ہے، میں سابق وزیراعظم سے پوچھتا ہوں کیسے ہراساں کیا جا رہا ہے، کیا جیل میں بند کر دیا گیا ہے، میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (چیف رپورٹر) وفاقی وزیر داخلہ رانا ثنا اللہ نے سابق وزیراعظم پر تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ عمران خان سب کچھ بتانے کو تیار ہیں تاہم اپنی کرپشن بتانے کو نہیں، بتائیں کیا ان کرپشن کی تحقیقات کرنا دیوار سے لگانا ہے، کیا وہ دھونس، دھمکی سے اقتدار اور این آر او حاصل کرنا چاہتے ہیں۔ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے رانا ثنا اللہ خان نے کہا کہ عمران خان کہتے ہیں کہ انہیں ہراساں کیا جا رہا ہے، میں سابق وزیراعظم (بقیہ نمبر 12)

پنجاب حکومت نے عیدالاضحیٰ کے دوران اسلحہ کی نمائش پر پابندی عائد کردی

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے عیدالاضحیٰ کے دوران اسلحہ کی نمائش پر پابندی عائد کردی۔ صوبائی محکمہ داخلہ کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق 9 سے 12 جولائی تک صوبے بھر میں اسلحے کی (بقیہ نمبر 19)

پبلک اکاؤنٹس کمیٹی نے پیٹرولیم قیمتوں میں کمی کی سفارش کردی

پی اے سی اجلاس میں اداروں کے سربراہ کے علاوہ کوئی اور نہیں آ سکتا، چیئرمین

اسلام آباد (این این آئی) پبلک اکاؤنٹس کمیٹی نے پیٹرولیم قیمتوں میں کمی کی سفارش کردی جبکہ چیئرمین پبلک اکاؤنٹس کمیٹی نے کہا ہے کہ نیب کے افسران کو اپنے اثاثوں کی تفصیلات تو دینا پڑیں گی، پی اے سی اجلاس میں اداروں کے سربراہ کے علاوہ کوئی اور نہیں آ سکتا۔ گزشتہ روز پی اے سی اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے چیئرمین نور (بقیہ نمبر 18)

برطانوی وزیراعظم کو نئے بحران کا سامنا، وزیر صحت اور وزیر خزانہ مستعفی

برطانوی وزیر صحت اور وزیر خزانہ نے جنسی ہراسگی کا سامنا کرنیوالے رکن پارلیمنٹ کو عہدہ دینے پر استعفیٰ دیا

برطانوی میڈیا کا کہنا ہے کہ کابینہ کے دو اہم وزرا کے مستعفی ہونے سے بورس جانسن کی حکومت کو خطرہ لاحق ہو سکتا ہے

لندن (مانیٹرنگ ڈیسک) برطانیہ کے وزیر صحت ساجد جاوید اور وزیر خزانہ رشی سونک نے استعفیٰ دے دیا۔ برطانوی میڈیا کے مطابق وزیر صحت ساجد جاوید اور وزیر خزانہ رشی سونک نے چند منٹوں کے فرق سے استعفیٰ وزیراعظم بورس جانسن کو بھجوایا۔ دونوں مستعفی وزرا نے وزیراعظم بورس جانسن کی حکومت چلانے کی صلاحیت پر سوال اٹھایا ہے۔ وزیر صحت ساجد جاوید کا کہنا تھا کہ حکومت (بقیہ نمبر 6)

اسلام آباد صدر پاکستان ڈاکٹر عارف علوی ایک منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

سوئی ناردرن گیس کا 15.84 ارب کا قبل از ٹیکس تاریخی منافع

30 جون 2021 کو ختم ہونیوالے مالی سال میں 15.84 ارب کا قبل از ٹیکس منافع اور 10.99 ارب کا بعد از ٹیکس منافع کمایا

جبکہ گزشتہ برس اسی عرصہ کے دوران کمپنی کو 8.42 ارب روپے قبل از ٹیکس، اور 5.99 ارب روپے کا بعد از ٹیکس منافع ہوا

لاہور (بیورو رپورٹ) سوئی ناردرن گیس پائپ لائنز لمیٹڈ کا مالی سال 2020-21 میں 15.84 ارب روپے کا قبل از ٹیکس تاریخی منافع - حصہ داران کے لیے 50% نقد منافع - اور مالی سال 22-2021 کی پہلی سہ ماہی کے اکاؤنٹس کا بھی اعلان' سوئی ناردرن گیس پائپ لائنز لمیٹڈ نے 30 جون 2021 کو ختم ہونے والے مالی سال میں 15.84 ارب روپے کا قبل از ٹیکس منافع اور (بقیہ نمبر 53)

غذر، آسمانی بجلی گرنے سے لینڈ سلائیڈنگ، 8 افراد جاں بحق

لینڈ سلائیڈنگ کے دوران لاپتہ ہونیوالے محکمہ برقیات کے 6 ملازمین محفوظ ہیں

غذر (اے ایف پی) غذر کے گاؤں شیر قلعہ میں آسمانی بجلی گرنے کے باعث لینڈ سلائیڈنگ کے نتیجے میں جاں بحق ہونے والے افراد کی تعداد 8 ہوگئی۔ ڈپٹی (بقیہ نمبر 7)

عالمی مارکیٹ میں خام تیل کی قیمت میں 6 ڈالر فی بیرل تک کمی

2023ء کے آخر میں قیمت 45 ڈالر فی بیرل تک گرنے کا امکان، روس نے تیل کی پیداوار گھٹائی تو قیمتیں 380 ڈالر فی بیرل تک جا سکتی ہیں

لندن / واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) عالمی کساد بازاری کے خدشے کے پیش نظر انٹرنیشنل مارکیٹ میں خام تیل کی قیمتوں میں 6 ڈالر فی بیرل تک کمی ہوگئی۔ برطانوی خبر رساں ایجنسی کے مطابق منگل کو عالمی منڈی میں برطانوی کروڈ آئل (برینٹ) کی (بقیہ نمبر 13)

مادر ملت محترمہ فاطمہ جناح کی 55 ویں برسی 9 جولائی کو منائی جائیگی

فیصل آباد (این این آئی) بانی پاکستان قائد اعظم محمد علی جناح کی ہمشیرہ، مادر ملت محترمہ فاطمہ جناح کی 55 ویں برسی 9 جولائی کو منائی جائے گی اس سلسلے میں فیصل آباد سمیت ملک بھر میں مسلم لیگ اور دیگر جماعتوں کے زیر اہتمام مختلف تقاریب کا اہتمام کیا جائے گا جبکہ ریڈیو، ٹی وی چینلز اور اخبارات میں خصوصی ایڈیشن کے ذریعے محترمہ فاطمہ جناح (بقیہ نمبر 25)

ہم گرینڈ ڈائیلاگ کے لیے بالکل تیار ہیں، فواد چوہدری

سولر کا ایک اسکینڈل ہے جس پر تحقیقات ہونی چاہیے، سابق وزیر

اسلام آباد (این این آئی) تحریک انصاف کے رہنما فواد چوہدری نے کہا ہے کہ ہم گرینڈ ڈائیلاگ کے لیے بالکل تیار ہیں، پہلے الیکشن کی تاریخ دی جائے۔ میڈیا (بقیہ نمبر 21)

سلیمان شہباز نے عمران اسماعیل کو ایک ارب ہرجانے کا نوٹس بھجوا دیا

عمران اسماعیل نے سولر پینل کی خریداری سے متعلق بے بنیاد الزامات عائد کئے ہیں' متن

لاہور (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف کے بیٹے سلیمان شہباز نے تحریک انصاف کے رہنما سابق گورنر سندھ عمران اسماعیل کو ایک ارب روپے ہرجانے کا نوٹس بھجوا دیا۔ لیگل نوٹس کے متن میں کہا گیا ہے کہ عمران اسماعیل نے اپنے ٹوئٹر اکاؤنٹ (بقیہ نمبر 22)

ملک میں مون سون بارشوں سے 77 اموات ہوئیں، وزیر ماحولیات

صوبوں کو اگر مون سون میں وفاق سے مدد چاہیے تو رابطہ کرنا ہوگا، سینیٹر شیری رحمن

اسلام آباد (این این آئی) وزیر ماحولیات نے بتایا ہے کہ ملک میں مون سون بارشوں سے 77 اموات ہوئیں، صوبوں کو اگر مون سون میں وفاق سے مدد چاہیے تو رابطہ کرنا ہوگا، سارے صوبوں کو اپنی امداد کا تعین کرنا ہوگا، وفاقی حکومت سے بات کرنا ہوگی، صوبے اپنی ایڈوائزریز بھی بھیج رہے ہیں لوگوں کو اس پر متفق ہونا ہوگا۔ وفاقی وزیر ماحولیاتی تبدیلی شیری رحمن نے بتایا کہ اس وقت ملک مون سون اور پری مون سون کی لپیٹ میں ہے، پاکستان موسمیاتی تبدیلیوں سے متاثر ہو رہا ہے، یہ ایونٹ ماحولیاتی تبدیلی کی وجہ سے ہو رہے ہیں۔ انہوں نے بتایا (بقیہ نمبر 55)

راولپنڈی، نان بائیوں نے روٹی اور نان کی قیمتوں میں اضافہ کر دیا

پتیری سرخ روٹی کی نئی قیمت 15 روپے، خمیری روٹی کی قیمت 20 روپے، نان کی قیمت 25 روپے اور پراٹھہ روغنی نان کی قیمت 40 روپے کر دی

آٹا، میدہ، فائن آٹا، گھی، خشک دودھ اور تیل کی قیمتوں میں بے پناہ اضافہ ہوا' صدر ایسوسی ایشن شفیق قریشی

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) آٹا اور میدہ کی قیمتوں میں اضافے کے بعد راولپنڈی کے نان بائیوں نے روٹی اور نان کی قیمتیں بڑھا دیں۔ تفصیلات کے مطابق پتیری سرخ روٹی کی نئی قیمت 15 روپے، خمیری روٹی کی قیمت 20 روپے، نان کی قیمت 25 روپے اور پراٹھہ روغنی نان کی قیمت 40 روپے کر دی گئی۔ صدر ایسوسی ایشن شفیق قریشی کے مطابق آٹا، میدہ، فائن آٹا، گھی، خشک دودھ (بقیہ نمبر 23)

اسلام آباد اور راولپنڈی انتظامیہ کے مابین کوآرڈینیشن میٹنگ (اس کے بعد راستوں کا دورہ) عید کے دوران ٹریفک مینجمنٹ کے سلسلے میں گورنمنٹ ہاؤس، مری میں ہوئی۔ اے سی سیکرٹریٹ نے آئی سی ٹی ایڈمنسٹریشن کی نمائندگی کی

خطبہ حج کا ترجمہ اردو سمیت 14 زبانوں میں ہوگا

خطبہ حج ہر سال کی طرح مسجد نمرہ عرفات سے دیا جائے گا، انتظامیہ حرمین شریفین

ریاض (این این آئی) سعودی عرب کی حکومت نے حج کے خطبے کا اردو سمیت 14 زبانوں میں ترجمہ کرنیکا اعلان کیا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق حرمین شریفین کے امور کے نگراں ادارے کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا کہ عازمین حج اور دنیا (بقیہ نمبر 8)

لہتراڑ روڈ لائٹس سے محروم وارداتیں و حادثات معمول بن گئے

کھنہ پل سے لیکر ٹھنڈا پانی تک سڑکوں کی روشنیاں مستقل بنیادوں پر مکمل بند، شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا

لہتراڑ روڈ اور پارک روڈ پر روڈ لائیٹس کو چالو کیا جائے تا کہ شہری با آسانی رات کو بھی اپنا سفر جاری رکھ سکیں

اسلام آباد (عبدالہادی قریشی) لہتراڑ روڈ و پارک روڈ گپ اندھیرے کا منظر پیش کرنے لگا روڈ لائیٹس مکمل بند وارداتیں و حادثات ہونے کے شدید خطرات پیدا ہونے لگے کھنہ پل سے لیکر ٹھنڈا پانی تک سڑکوں کی روشنیاں مستقل بنیادوں پر مکمل بند ہیں شہریوں کو رات کے اوقات کار میں شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے کھنہ پل سے لیکر ترلائی کلاں لہتراڑ روڈ تک کچھ روڈ لائیٹس چلتی ہیں (بقیہ نمبر 9)

عمران خان کو جان سے مارنے کی دھمکیاں دی گئیں

تحریری طور پر ملنے والی دھمکیوں سے متعلق عدالت کو آگاہ کر دیا گیا ہے، بابر اعوان

اسلام آباد (حاجی ندیم) اسلام آباد کی سیشن عدالت میں لانگ مارچ توڑ پھوڑ کیس میں سابق وزیراعظم عمران خان کی حاضری معافی کی درخواست منظور کرتے (بقیہ نمبر 14)

سپریم کورٹ کے جج جسٹس مظہر عالم ڈینگی وائرس میں مبتلا

فل کورٹ ریفرنس پر دیا جانے والا عشائیہ بھی منسوخ

اسلام آباد (حمزہ لطیف) سپریم کورٹ کے جج جسٹس مظہر عالم ڈینگی وائرس میں مبتلا ہو گئے۔ سپریم کورٹ بار نے جسٹس مظہر عالم کے اعزاز میں ہونے والا فل (بقیہ نمبر 15)

پنجاب حکومت نے عیدالاضحیٰ کی تعطیلات کا اعلان کر دیا

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے عیدالاضحیٰ کی تعطیلات کا اعلان کر دیا۔ نوٹیفکیشن کے مطابق لاہور سمیت صوبہ بھر میں 8 جولائی جمعۃ المبارک سے 12 جولائی منگل تک عید کی تعطیلات ہوں گی۔



راولپنڈی، سابق ڈپٹی اسپیکر قاسم سوری تشدد کیس میں عبوری ضمانت کنفرم ہونے پر میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

رواں برس خطبہ حج کون دے گا؟ خطیب کا نام سامنے آ گیا

ریاض (مانیٹرنگ ڈیسک) خادم حرمین شریفین شاہ سلمان بن عبدالعزیز آل سعود کی جانب سے ڈاکٹر محمد بن عبدالکریم العیسی کو حج 2022 کے لیے خطیب مقرر کر دیا گیا۔ حرمین شریفین کے آفیشل اکانٹ سے کی گئی ایک پوسٹ میں بتایا گیا ہے کہ ڈاکٹر محمد (بقیہ نمبر 26)

مصطفیٰ کمال کا ملک میں فوری انتخابات کرانے کا مطالبہ

اگر 12 گھنٹوں میں کارکنوں کو رہا نہ کیا گیا تو سڑکوں پر ہوں گے

کراچی (این این آئی) پاک سرزمین پارٹی (پی ایس پی) کے چیئرمین مصطفیٰ کمال نے ملک میں فوری عام انتخابات کرانے کا مطالبہ کر دیا۔ کراچی میں میڈیا سے (بقیہ نمبر 24)

راولپنڈی، ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج محمد افضل مجوکہ کی عدالت میں امریکی نژاد خاتون وجیہہ سواتی قتل کیس میں وکلاء گواہان پر ویڈیو لنک کے ذریعے جرح کر رہے ہیں

مسلم لیگ ن کے رہنماء نے ووٹرز کو پیسوں کی آفر کر دی، ویڈیو وائرل

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) پنجاب میں صوبائی اسمبلی کی نشست پر ضمنی انتخابات میں مسلم لیگ ن کے رہنماء نے ووٹرز کو پیسوں کی آفر کر دی۔ مسلم لیگ (ن) کے امیدوار برائے صوبائی اسمبلی حلقہ پی پی 7 (بقیہ نمبر 10)

سیلابی ریلے سے متاثر ڈاؤن ٹریک کی مرمت کا کام جاری

اپ ٹریک کی مرمت کا کام مکمل کر لیا گیا، ریلوے حکام

اسلام آباد (این این آئی) ریلوے حکام نے کہا ہے کہ سیلابی ریلے سے متاثر ڈاؤن ٹریک کی مرمت کا کام جاری ہے، اپ ٹریک کی مرمت کا کام مکمل کر لیا گیا ہے۔ ریلوے ذرائع کے مطابق وقفہ وقفہ سے بارش ہونے سے ٹریک کے مرمتی کام میں مشکلات درپیش آ رہی ہیں، اپ ٹریک کی مرمت کا کام مکمل کر کے ٹرینیں گزاری جا رہی ہیں۔

کوہ پیما شہروز کاشف کا پتہ چل گیا

لاہور (بیورو چیف) شہروز کاشف کے والد کاشف سلمان کا کہنا ہے کہ کوہ پیما شہروز کاشف کا پتہ چل گیا ہے۔ لاہور میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے شہروز کاشف کے والد کاشف سلمان نے بتایا کہ شہروز چوتھے سے تیسرے کیمپ میں آتے دکھائی دیے ہیں۔

نوجوان نسل نے بیرون ملک ملکی تشخص (سوفٹ پاور) کو اجاگر کرنا ہے

پاک امریکہ تعلیمی تبادلہ پروگرام پرسپشن مینجمنٹ کے ضمن میں اہم ہیں، مسعود خان

واشنگٹن (این این آئی) امریکہ میں پاکستانی سفیر مسعود خان نے کہا ہے کہ پاک امریکہ تعلیمی تبادلہ پروگرام پرسپشن مینجمنٹ (ملکی تاثر قائم کرنے) اور پاکستان اور امریکہ کے درمیان قریبی تعلقات کے قیام کے حوالے سے انتہائی اہم ہیں، پاکستان کی نوجوان نسل اپنے علم، تجربے اور مواصلاتی مہارت کی بدولت ملکی تشخص کو اجاگر کرنے میں اہم کردار ادا کر رہی ہے۔

زراعت میں خود کفالت ہماری منزل اور اولین ترجیح ہے، ڈاکٹر غلام محمد علی

زراعت کی ترقی کو فروغ دینے کے لیے موجودہ حکومت انقلابی اقدامات کر رہی ہے، چیئرمین پی اے آر سی

پی اے آر سی ملازمین کی یونین (ایپارک) کی جانب سے چیئرمین پی اے آر سی کے اعزاز میں الوداعی تقریب کا انعقاد

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) ڈاکٹر غلام محمد علی نے چیئرمین پی اے آر سی نے قومی زرعی تحقیقاتی مرکز میں پی اے آر سی کے سائنسدان اور ملازمین سے خطاب میں کہا ہے کہ پی اے آر سی ایک اعلیٰ زرعی تحقیقاتی ادارے کی حیثیت سے پاکستان میں خوشحالی لانے اور غربت کے خاتمے اور کسانوں کو جدید زراعت سے روشناس کرانے میں اہم کردار ادا کر رہا ہے۔ کونسل کے اقدامات کا بنیادی مقصد زرعی و غذائی خود کفالت کی منزل کا حصول اور ملک سے غربت کا خاتمہ ہے۔ اس موقع پر سیکرٹری پی اے آر سی جناب محمد اسحاق، ڈپٹی ڈائریکٹر جنرل قومی زرعی تحقیقاتی مرکز ڈاکٹر شہزاد اسد ایپارک کے نمائندگان اور دیگر سائنسدان و ملازمین بڑی تعداد میں موجود تھے۔ لیاقت علی واہلہ صدر ایپارک، سردار سعید خان چیئرمین ایپارک، احمد شیر تنولی جنرل سیکرٹری ایپارک، عبدالصمد سیکرٹری مالیات نے بھی (بقیہ نمبر 54)

نئی مانیٹری پالیسی کا اعلان (آج) ہوگا

لاہور (این این آئی) نئی مانیٹری پالیسی کے تعین کیلئے اسٹیٹ بینک کی مانیٹری پالیسی کمیٹی کا اجلاس آج (جمعرات) کے روز ہوگا۔ جس کے بعد اسٹیٹ بینک کے قائمقام گورنر ڈاکٹر مرتضی سید پریس کانفرنس میں مانیٹری پالیسی کا اعلان کریں گے۔

بارشوں سے تربیلا اور منگلا میں پانی کی آمد میں اضافہ

اسلام آباد (این این آئی) حالیہ مون سون بارشوں سے تربیلا اور منگلا ڈیم میں پانی کی آمد میں اضافہ ہوا ہے۔ واپڈا ذرائع کے مطابق چند روز میں تربیلا ڈیم میں پانی کی سطح میں 45 فٹ جبکہ منگلا میں پانی کی سطح میں 50 فٹ اضافہ ہوا ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ منگلا (بقیہ نمبر 16)

سی پیک منصوبہ، ایم 14 کو پاک افغان بارڈر سے منسلک کریگا

طورخم اور چمن کے بعد غلام خان پاکستان اور افغانستان کے درمیان تیسری اہم ترین گزرگاہ ہے

لاہور (این این آئی) حکومت نے شمالی وزیرستان اور غلام خان کو موٹروے 14 ایم سے جوڑنے کا فیصلہ کیا ہے، 184 کلومیٹر طویل موٹر وے چین پاکستان اقتصادی راہداری کے مغربی الائنمنٹ روٹ کا منصوبہ ہے۔ نیشنل ہائی وے اتھارٹی غلام خان سے (بقیہ نمبر 17)

ڈی سی اسلام آباد کی ہدایت پر اے سی سیکرٹریٹ نے عید کی تعطیلات کے دوران مناسب صفائی اور ٹھوس فضلہ بشمول جانوروں کی باقیات کو ٹھکانے لگانے کو یقینی بنانے کیلئے یو سی سیکرٹریز اور علاقے کے معززین کیساتھ میٹنگ اور فیلڈ کا دورہ کیا

ABC Certified عوام کی بے ساختہ للکار MEMBER WUOJ
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

بھارت کے خطرناک عزائم

بھارتی حکومت 2014ء سے ایسے عزائم کے تعاقب میں ہے جو نہ صرف خطے بلکہ عالمی امن وسلامتی کے لیے تباہ کن ثابت ہوں گے۔ اس امر کو افسوس ناک ہی قرار دیا جائے گا کہ نئی دہلی پچھلے 75 سال سے جنوب مغربی ایشیا میں بالادستی اور توسیع پسندی جیسے پاگل پن کا شکار ہے۔ کشمیر کے بڑے حصے پر غاصبانہ قبضہ، نیپال، میانمار، بنگلہ دیش، سری لنکا سے سرحدی تنازعات بھارت کی توسیع پسندانہ سوچ کا بدترین مظاہرہ ہے۔ اسی طرح ہمسایہ ممالک پر دھونس جمانے کے لیے منفی رویے ہتھکنڈوں کا استعمال، افغانستان سمیت مختلف علاقائی تنازعات شرپسندانہ مداخلت کے ذریعے بھارتی حکمران خطے پر جعلی چودھراہٹ قائم کرنے کی کوشش میں رہتے ہیں۔ علاقائی ممالک کے درمیان تعاون کے لیے قائم سارک تنظیم کو جس بدنیاتی اور بے ہودگی سے غیر موثر کیا، بھارتی بدنیتی کا کھلا ثبوت ہے۔ اس کے علاوہ پاکستان کو اپنا حریف قرار دے کر بھارت طویل عرصے سے ایسی معاندانہ سرگرمیوں ملوث ہے جن کی وجہ سے دونوں ملکوں اور خطے کے عوام کو غیر یقینی، بدامنی اور بے چینی کی مستقل صورتحال کا سامنا ہے۔ مقبوضہ کشمیر کے حوالے سے بھارتی رویے کا عالم یہ ہے کہ نہتے کشمیریوں اپنے سیاسی حقوق کا مطالبہ کرنے پر انسانی حقوق کی بدترین خلاف ورزیوں کا سامنا ہے۔ ساری دنیا جانتی ہے کہ بھارت نے مقبوضہ وادی کو عقوبت خانے میں تبدیل کر رکھا ہے۔ کشمیر کے عوام ریاستی دہشت گردی کا شکار ہیں، انہیں سنسرشپ، نقل وحمل کی پابندی، کرفیو، دفعہ 144 کے ذریعے دنیا کی مظلوم ترین قوم میں تبدیل کر دیا گیا ہے۔ انسانی حقوق کی عالمی تنظیمیں، اقوام متحدہ اور دیگر عالمی ادارے مسئلہ کشمیر کو منصفانہ بنیادوں پر حل کرنے کا مطالبہ کر رہے ہیں۔ کشمیر عوام پر جاری مظالم پر مہذب دنیا سے مسلسل تشویش کا اظہار کیا جاتا ہے لیکن بھارتی فیصلہ ساز ہیں کہ ان کے کانوں پر جوں تک نہیں رینگتی۔ حالات اس حد تک سنگین شکل اختیار کر چکے ہیں کہ مودی حکومت نے انتہائی سفاکیت کا مظاہرہ کرتے ہوئے 5 اگست 2019 کو مقبوضہ کشمیر اور کشمیر عوام کی خصوصی حیثیت پر شب خون مارا۔ امریکا، چین، برطانیہ، یورپی یونین سمیت عالمی برادری کی ذمہ دار ریاستوں نے بھارت کے اس غیر قانونی، غیر آئینی، غیر اخلاقی اقدام پر تشویش ظاہر کی۔ پاکستان 2019 سے لحہ موجود تک بھارتی عزائم کو عالمی برادری کے سامنے بے نقاب کر رہا۔ اقوام متحدہ کی جنرل کونسل، سلامتی کونسل اور دیگر عالمی پلیٹ فارمز پر کشمیری تنظیمیں احتجاج کر رہی ہیں۔ اس میں دو رائے نہیں کہ بھارت نے کشمیر کے تنازع پر منصفانہ رویہ اختیار نہ کیا۔ کشمیریوں کو استصواب رائے کا حق دینے کے لیے مثبت سوچ کا مظاہرہ نہ کیا اور مسئلہ کشمیر کو اقوام متحدہ کی متفقہ قراردادوں کی روشنی میں طے کرنے کے لیے پیش رفت نہ کی تو خطے کے امن وسلامتی کو لاحق خطرات میں سنگین اضافہ ہو جائے گا۔ دوسری طرف بدقسمتی کی انتہا یہ ہے کہ بھارتی حکمران مقبوضہ کشمیر میں مقامی لوگوں کی نسل کشی کر رہے ہیں۔ بھارت بھر سے انتہاء پسند ہندوؤں کو کشمیر کے ڈومیسائل جاری کیے جا رہے ہیں، منظم سازش کے ذریعے غیر کشمیری ہندوؤں کو کشمیر میں زمینی خریدنے اور مستقل رہائش اختیار کرنے کے مواقع فراہم کیے جا رہے ہیں جس سے مقبوضہ وادی میں بے چینی کے حالات پیدا ہو رہے ہیں۔ ہونا یہ چاہیئے تھا کہ بھارتی حکومت اپنی سوچ، پالیسی اور رویے میں تبدیلی پیدا کرتی اس کے برعکس یہ شدنی چھوڑی جا رہی ہے کہ جی 20 ممالک کے اگلے اجلاس کا انعقاد مقبوضہ کشمیر میں منعقد ہوگا۔ گویا نئی دہلی سرکار بے شرمی، ڈھٹائی اور بے حسی کا کھلا مظاہرہ کرتے ہوئے عالمی برادری کے سینے پر مونگ دلنے کی تیاریاں کر رہی ہے۔ پاکستان بھارتی کی اس منفی سوچ کی بھرپور الفاظ میں مذمت کی ہے۔ عالمی برادری اور جی 20 ممالک کے سامنے بھارتی بدنیتی کی نشاندہی کی جا رہی ہے۔ اس کے باوجود بھارتی ذرائع ابلاغ، سفارتی وسیاسی زرائع مقبوضہ کشمیر میں اس اہم ترین عالمی پلیٹ فارم کے انعقاد کی زبانی تیاریوں میں مصروف دکھائی دے رہے ہیں۔ پاکستان کی وزارت خارجہ، سفارتی زرائع اور سیاسی قیادت کی بالخصوص ذمہ داری ہے کہ بھارتی غیر قانونی سرگرمیوں کو روکنے کے لیے عالمی وعلاقائی سطح پر بھرپور مہم کا آغاز کرے۔ اس حوالے سے ترکی، ملائیشیا، انڈونیشیا، چین، سعودی عرب جیسے دوست ممالک کو مقبوضہ کشمیر میں بھارتی غنڈہ گردی سے آگاہ کیا۔ عالمی برادری اس حقیقت سے بے خبر نہیں کہ کشمیر ایک متنازعہ مسئلہ ہے۔ اس حساس اور متنازع علاقے میں عالمی سطح کی کانفرنس کا انعقاد انتہائی خطرناک نتائج کا حامل ہوگا۔

عید قرباں کے احکام ومسائل پر ایک دلچسپ مکالمہ

ابو نصر فاروق

آج درس گاہ میں کلاس شروع ہونے سے پہلے حامد اور خالد میں گرما گرم بحث ہو گئی۔ دونوں کے چہروں پر اس بحث کا نامناسب اثر موجود تھا۔ مولانا مبشر جب حدیث کا کلاس لینے آئے تو اُنھوں نے لڑکوں کے چہروں کی طرف دیکھا اور حامد اور خالد کے چہروں پر تبدیلی محسوس کرتے ہوئے پوچھا، کیا بات ہے تم لوگوں کے چہروں پر کچھ ناگواری کے آثار نظر آ رہے ہیں۔

حامد نے کھڑے ہو کر کہا مولانا! خالد کہہ رہا تھا کہ میرے ابا جان بقرعید میں قربانی کے لئے جو بکرا لائے ہیں اُس کی قربانی نہیں ہوگی۔ میں کہہ رہا تھا کہ وہ ہر سال بقرعید میں بکرے کی قربانی کرتے ہیں، اس سال بھی قربانی کر رہے ہیں، قربانی نہیں کیسے ہوگی ؟

مولانا نے خالد سے پوچھا کیوں خالد تم ایسا کہہ رہے تھے ؟

خالد نے کہا......جی ہاں مولانا......میں اس سے یہ کہہ رہا تھا کہ قربانی کرنے کے لئے مسلمان ہونا شرط ہے۔ غیر مسلم کو قربانی کرنے کا حکم نہیں ہے۔ حامد کے ابا جان پانچ وقت کی نماز نہیں پڑھتے ہیں۔ وہ مسلمان ہیں ہی نہیں ان کی قربانی کیسے ہوگی ؟

خالد کی بات سن کر مولانا سوچ میں پڑ گئے۔ اُنہوں نے خالد سے کہا، تمہارے کہنے کا مطلب یہ ہے کہ جو نماز نہیں پڑھتا ہے وہ مسلمان نہیں ہے۔ اس کے لئے تمہارے پاس کیا دلیل ہے ؟ کس بنیاد پر کہہ سکتے ہو کہ حامد کے ابا جان کے بکرے کی قربانی نہیں ہوگی ؟

خالد نے کہا مولانا حدیث میں لکھا ہوا ہے کہ ''نماز دین کا ستون ہے، جس نے نماز قائم کی اُس نے دین کو قائم کیا اور جس نے نماز ڈھا دی اُس نے دین کو ڈھا دیا۔'' جو آدمی پنج گانہ نماز کا پابند نہیں ہے اُس کا دین نہیں ہے۔ جس کا دین نہیں ہے اُس کی قربانی کیسے ہوگی ؟ پھر وہ حدیث بھی تو ہے جس میں کہا گیا ہے کہ ''نماز کا (جان بوجھ کر) ترک کرنا بندگی اور کفر کے درمیان کی چیز ہے۔'' جو آدمی جان بوجھ کر نماز نہیں پڑھتا ہے وہ اسلام کے دائرے سے نکل کر کفر کے دائرے میں چلا جاتا ہے یعنی کافر ہو جاتا ہے۔ ایسے آدمی کی قربانی کیسے ہوگی ؟

مولانا نے پوچھا، صرف یہی دو حدیثیں تمہارے پاس ہیں یا تمہارے دعوے کی دلیل میں کچھ اور بھی ہے ؟

خالد نے کہا، قرآن میں لکھا ہوا ہے کہ'' تمہارے جانور کا گوشت اور خون اللہ تعالیٰ کے پاس نہیں پہنچتا ہے، بلکہ وہ تقویٰ پہنچتا ہے جو تمہارے اندر موجود ہے۔'' جو آدمی نماز کا پابند نہیں ہے اُس کے اندر تقویٰ ہے ہی نہیں۔ وہ جب قربانی کرے گا تو اللہ تعالیٰ کے پاس اُس کا تقویٰ پہنچے گا ہی نہیں، تو پھر اُس کی قربانی کیسے ہوگی ؟

مولانا نے پوچھا اور بھی کوئی دلیل ؟

خالد نے کہا، قربانی کرتے ہوئے جو دعا پڑھی جاتی ہے وہ ابراہیم علیہ السلام کی دعا ہے جو اُنہوں نے اپنے باپ اور اپنی قوم کے دین کو چھوڑ کر خالص اللہ کی بندگی کرنے کا عہد کرتے ہوئے پڑھی تھی، جس کا مطلب یہ ہے ''بیشک میں اپنا رخ اُس اللہ کی طرف کرتا ہوں جو آسمانوں اور زمین کا پیدا کرنے والا ہے، میں سچا اور پکا مسلم ہوں اور میں شرک کرنے والا نہیں ہوں۔ میری نماز اور میری قربانی اور میرا جینا اور میرا مرنا سب کچھ اللہ رب العالمین کے لئے ہے۔ میں اس کے ساتھ کسی کو شریک نہیں کرتا، اور میں مسلمانوں میں سے ہوں'' جو آدمی قربانی کرتے ہوئے یہ دعا پڑھتا ہے وہ دراصل جھوٹ بولتا ہے کیونکہ جو کچھ وہ کہہ رہا ہے اُس کا عمل ان باتوں کے مطابق ہے ہی نہیں۔ حدیث میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ مسلمان کبھی جھوٹا نہیں ہو سکتا ہے۔

مولانا نے حامد سے کہا، کہو میاں حامد ! خالد نے اپنے دعوے کی دلیل میں اتنی ساری باتیں کہی ہیں۔

تم جو بات کہہ رہے ہو، کیا تمہارے پاس بھی تمہارے دعوے کی کوئی دلیل ہے ؟

حامد نے کہا، مولانا خالد کی باتیں تو سب درست ہیں، لیکن کیا اس کا مطلب یہ ہوا کہ جتنے بے نمازی مسلمان قربانی کرتے ہیں اُن کی قربانی نہیں ہوتی ہے ؟ اگر ایسی بات ہے تو جمعہ کے خطبے میں اور دوسری دینی تقریروں میں مولانا لوگ مسلم ملت کے لوگوں کو یہ باتیں کیوں نہیں بتاتے اور سمجھاتے ہیں ؟

مولانا نے کہا، دیکھو اصل معاملہ یہ ہے کہ اس وقت مسلمانوں میں اجتماعیت نہیں ہے۔ مسلمانوں کے اعمال کا احتساب کرنے والا کوئی ہے ہی نہیں۔ غیر مسلم حکومت کے ماتحت مسلمان زندگی بسر کر رہے ہیں۔ اگر کوئی مسلمان شریعت کے خلاف عمل کر رہا ہو تو کوئی دینی فرد یا دینی ادارہ اُس کی پکڑ نہیں کر سکتا ہے۔ فوراً حکومت اور قانون اُس کی حمایت کے لئے سامنے آ جائیں گے کہ کسی کے ساتھ مذہب پر عمل کرنے کے لئے زبردستی نہیں کی جا سکتی ہے۔ بے دین، خدا فراموش اور آخرت بیزار مسلمان اس سہولت کا فائدہ اٹھا کر فاسق و فاجر جیسی زندگی گزار رہے ہیں۔ ماحول ایسا بن گیا ہے کہ جو شخص خود کو مسلمان کہتا ہے اُس کو مسلمان سمجھا جاتا ہے۔ کوئی کسی کو یہ باتیں نہیں کہہ سکتا جو خالد کہہ رہا ہے۔ اور جو کچھ خالد کہہ رہا ہے وہی سچائی ہے۔ اللہ اور نبی ﷺ کے نزدیک ایسے لوگ مسلمان نہیں ہیں اور ایسے لوگوں کی قربانی کیا کوئی عبادت قبول نہیں ہوتی ہے۔

اُن کی عید بقرعید اور جمعہ کی نمازیں، اُن کی قربانیاں، اُن کے حج، اُن کے صدقے اور خیرات کچھ بھی اللہ تعالیٰ کے یہاں قبول نہیں ہوتے۔ جہاں تک عالموں اور خطیب ومقرر کا سوال ہے تو اس معاملے میں وہ بھی قصور وار ہیں کہ اُن کو ملت کے افراد کو یہ باتیں صاف صاف بتانی چاہئیں، تاکہ لوگ خبردار ہوں۔ عمل کرنا نہ کرنا ہر فرد کی اپنی ذمہ داری ہے، لیکن دین وشریعت کے صحیح احکام بتانا عالم دین کی ذمہ داری ہے۔ جو لوگ علم رکھنے کے باوجود عوام کو دین وشریعت کا صحیح علم نہیں دیتے وہ گنہگار ہیں اور آخرت میں اُن کو اس کی سخت سزا ملے گی۔ قرآن اور احادیث میں اس بات کو بہت وضاحت کے ساتھ بتایا گیا ہے۔

مولانا کی بات ختم ہوتے ہی داؤد کھڑا ہوا اور اس نے مولانا سے پوچھا۔ میرے ابا جان ہر سال بکرے کی قربانی کرتے تھے، لیکن اس سال اُن کی مالی حالت اچھی نہیں ہے اس لئے میرے گھر میں بکرے کی قربانی نہیں ہو رہی ہے۔ امی نے اُن سے کہا کہ وہ بڑے جانور میں حصہ لے لیں۔ یہ قربانی کم خرچ میں ہو جائے گی۔ لیکن ابا جان کہتے ہیں کہ حصے والی قربانی بھی کوئی قربانی ہوتی ہے ؟ میری سمجھ میں نہیں آ رہا ہے کہ ابا جان صحیح کہہ رہے ہیں یا امی جان درست بات کہہ رہی ہیں ؟

مولانا نے کہا، دیکھو بات جب چھڑ گئی ہے تو مجھے بھی بتانا ہی ہوگا ورنہ میں بھی گنہ گار ہو جاؤں گا۔ دراصل تمہارے ابا جان اللہ اور اُس کے رسول ﷺ کے حکم کی تعمیل میں قربانی نہیں کرتے، بلکہ سماج میں اپنی شان قائم رکھنے کے لئے قربانی کرتے ہیں۔ بکرے کی قربانی کی جگہ حصے والی قربانی ہوگی تو گھر میں قربانی کا ماحول نہیں پیدا ہوگا اور قربانی کا دکھاوا نہیں ہو پائے گا، اس لئے تمہارے ابا جان اس سال قربانی نہیں کرنا چاہتے ہیں۔

خالد جھٹ سے بولا داؤد کے ابا کی قربانی بھی نہیں ہوتی ہے بلکہ یہ تو شرک کرتے ہیں۔ قرآن میں لکھا ہوا ہے کہ جو آدمی دکھاوے کے لئے کوئی نیک عمل کرتا ہے وہ شرک کرتا ہے۔ شرک ایسا گناہ ہے جس کو اللہ تعالیٰ کسی حال میں معاف نہیں کرے گا۔ یہ بھی قرآن میں لکھا ہوا ہے۔

مولانا نے کہا دیکھو بات تو بہت کڑوی ہے، لیکن خالد بالکل صحیح بات کہہ رہا ہے۔

مولانا کی بات ختم ہوتے ہی راشد بھی کھڑا ہو گیا اور بولا میرے گھر میں بھی یہی معاملہ ہے۔ میرے بھائی جان ہر سال پچیس ہزار کا بکرا خرید کر قربانی کرتے ہیں۔ اس بار اُن کی حالت بھی اچھی نہیں ہے۔ آپا جان کہہ رہی تھیں کہ کم وزن کا چھوٹا بکرا خرید کر لے آؤ۔ ایک سال کا جانور ہونے کی شرط ہے۔ ایک سال کا جانور تو چھوٹا ہی ہوگا۔ لیکن بھائی جان کہہ رہے ہیں کہ نہیں، ہمیشہ بڑا بکرا قربانی کرتے رہے ہیں، اس بار چھوٹا بکرا قربانی کریں گے تو سب سمجھیں گے کہ گھر میں غربت آ گئی ہے۔ عزت بچانے کے لئے قربانی نہیں کرنا ہی اچھا ہے۔ بتائیے مولانا ! آپا کی بات درست ہے یا بھائی جان کی بات صحیح ہے ؟

مولانا نے کہا بیٹا ! یہاں بھی وہی معاملہ ہے۔ تمہاری آپا کی بات بالکل صحیح ہے۔ اللہ تعالیٰ قربانی کرنے والے کے جانور کو نہیں دیکھتا ہے بلکہ اُس کی نیت، خلوص اور تقویٰ کو دیکھتا ہے۔ جیسا جانور میسر ہو اُس کی قربانی کرنا واجب ہے۔ تمہارے بھائی جان بھی قربانی دراصل شریعت کے حکم کی تعمیل کے لئے نہیں کرتے ہیں، بلکہ اپنی شان جتانے کے لئے قربانی کرتے ہیں۔

فوراً خالد بول اٹھا راشد میاں تمہارے بھائی جان کی قربانی بھی نہیں ہوتی ہے۔

زاہد نے پوچھا مولانا یہ بتائیے کہ جو لوگ قربانی کے لئے بہت قیمتی بکرا خریدتے ہیں اگر وہ اتنی ہی قیمت میں کم قیمت کا ایک کی جگہ کئی بکرا خرید لیں اور ایک دن کی جگہ تین دن قربانی کریں تو کیا یہ بہتر نہیں ہوگا ؟

مولانا نے جواب دیا، تم نے بالکل درست بات کہی۔ پچیس ہزار کا ایک بکرا خریدنے کی جگہ آٹھ نو ہزار کا تین بکرا خرید کر تین دن قربانی کرنے کا ثواب زیادہ ہوگا۔ لیکن جو لوگ ایسا کرتے ہیں وہ بھی دراصل نام ونمود کے لئے دکھاوے کی قربانی کرتے ہیں۔

خالد نے پھر لقمہ دیا، ایسے تمام لوگوں کی قربانی نہیں ہوتی ہے۔ دکھاوے کے لے مہنگی قربانی کرنا فضول خرچی ہے۔ اور فضول خرچی کرنے والے کو قرآن میں شیطان کا بھائی کہا گیا ہے۔

ساجد نے کہا، مولانا اگر اس نقطہ نظر سے دیکھا جائے تو پوری ملت میں شاید ہی ایسے لوگ ملیں گے جن کی قربانی شریعت کے حکم کے مطابق ہوتی ہے ؟ عام طور پر جو قربانی ہوتی ہے وہ صرف رسم ادا کرنے یا اپنا شوق پورا کرنے یا شہرت اور ناموری کے لئے ہوتی ہے؟ اس سلسلے میں آپ کی کیا رائے ہے ؟

مولانا نے کہا دیکھو بات تو تم بالکل درست کہہ رہے ہو۔ میں اس سلسلے میں کوئی فتویٰ تو نہیں دے سکتا لیکن سچی بات یہی ہے کہ اس وقت مسلمان چونکہ شریعت سے آزاد اور غافل ہو کر بے دینی اور بے شعوری کی زندگی بسر کر رہے ہیں اس لئے اُن کی زندگی کا کوئی عمل دین وشریعت کے مطابق ہو ہی نہیں رہا ہے۔ اور اسی بے دینی کا انجام ہے کہ مسلمان دن بہ دن نئے نئے مسائل اور مشکلات کا شکار ہوتے جا رہے ہیں۔ یہ اپنے مسائل کو جتنا حل کرنا چاہتے ہیں مسائل اتنے ہی الجھتے چلے جا رہے ہیں۔

زاہد نے کہا، کچھ لوگ کہتے ہیں کہ ایک چھوٹے جانور کی قربانی پورے گھر کی طرف سے کی جا سکتی ہے۔ اس کی کیا حقیقت ہے ؟

مولانا بولے......کچھ نادان اور بے علم لوگ اس طرح کی باتیں کرتے ہیں۔ اہل مدینہ پر وہ دور بھی تھا جب کھانے کے لئے کھانا اور پہننے کے لئے کپڑا نہیں تھا۔ نبی ﷺ کے پیٹ پر پتھر بندھے تھے۔ پہلے خلیفہ کے گھر والے میٹھی چیز کھانے کو ترستے تھے۔ دوسرے خلیفہ کے پاس پہننے کو کرتا نہیں تھا۔ اس لئے ایک چھوٹے جانور کی قربانی پورے گھر کی طرف سے ہوتی تھی۔ پھر جب خوش حالی آ گئی تو ہر آدمی اپنی قربانی کرنے لگا۔ جو عمل فرض عین ہے وہ ہر فرد کو کرنا ہوگا جیسے پانچ وقت کی اور جمعہ کی نماز اور جو عمل فرض کفایہ ہے وہ ایک فرد کے کرنے سے خاندان کی طرف سے ادا ہو جائے گا جیسے نماز جنازہ۔ پھر یہ کہ نماز جنازہ عورتوں پر لازم نہیں ہے۔ ہندی مسلمانوں کے لئے حج کرنا آسان نہیں ہے تو کیا ایک حج پورے خاندان کی طرف سے کیا جائے گا۔ مسلمان کے پاس قربانی کرنے کو روپے نہیں ہیں لیکن شادی میں فضول خرچی کے لئے روپوں کی کوئی کمی نہیں ہوتی ہے۔ معاملہ دراصل نیت اور عمل کا ہے۔ کمزور ایمان یا ایمان سے محروم لوگ شریعت پر عمل کرنے میں ڈنڈی مارنے کے بہانے چاہتے ہیں، رسم ورواج اور شوق پورا کرنے میں نہیں۔

شاہد نے پوچھا ....کیا اس کا مطلب یہ ہے کہ جو لوگ مسلمان بننا نہیں چاہتے اُن کو قربانی نہیں کرنی چاہیئے ؟

مولانا بولے..........نہیں اس پوری گفتگو کا یہ مطلب نہیں ہے کہ لوگ قربانی نہ کریں۔ اس گفتگو کا مطلب یہ ہے کہ لوگ اپنی قربانی کی نیت اور جذبے کو سدھاریں تاکہ اللہ تعالیٰ اُن کی قربانیوں کو قبول کرے اور اُن کو دنیا اور آخرت میں اس کا اچھا بدلہ ملے۔ صاحب حیثیت افراد کو تینوں دن چھوٹے جانور کی قربانی کرنی چاہیئے اور نادار مسلمانوں کے بیچ گوشت تقسیم کرنا چاہیئے۔ مولانا کی بات ختم ہوئی ہی تھی کہ کلاس ختم ہونے کی گھنٹی بج گئی۔

مولانا بولے اچھا بچو! آج کا کلاس دراصل قربانی کے موضوع پر مذاکرے کا کلاس ہو گیا۔ صارم عظیم آبادی کہتے ہیں:

یہ خواہش پہ ایماں کو قربان کرنا
ہے ایماں تو خواہش کو قربان کر دو

Show Biz
شوبز کارنر

سلمان شیخ کو کوئی نہیں جانتا، حرا مانی نے بلاگرز کو آڑے ہاتھوں لے لیا

شوہر کا نام مانی ہے، اسی لئے میں حرا مانی ہوں، بلاگرز شوہر کا نام مانی لکھا کریں، اداکارہ

کراچی (این این آئی) پاکستان شوبز انڈسٹری کی معروف اداکارہ حرا مانی نے بلاگرز کو آڑے ہاتھوں لے لیا۔ انسٹاگرام پر موجود سٹوری پر اداکارہ نے بلاگرز پر اظہارِ برہمی کرتے ہوئے اپنے شوہر کا نام یاد کروایا کہ وہ مانی ہیں نہ کہ سلمان شیخ۔ اداکارہ وگلوکارہ حرا مانی نے گزشتہ روز انسٹاگرام اسٹوری پر لکھا کہ پلیز جتنے بھی بلاگرز ہیں وہ براہِ مہربانی مانی کا نام مانی لکھا کریں، یہ سلمان شیخ نہیں ہیں، یہ مانی ہیں صرف مانی ہیں۔ انہوں نے لکھا کہ یہ مانی ہیں، اسی لئے میں حرا مانی ہوں ورنہ میرا نام بھی حرا سلمان شیخ ہوتا، لیکن میرا نام حرا مانی ہے۔

کاجول پہلی بار ویب سیریز میں جلوے بکھیرنے کیلئے تیار

سوپرن ورما کی ویب سیریز میں اداکارہ کا ڈیبیو ہوگا

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ کی اسٹار اداکارہ کاجول معروف ڈائریکٹر سوپرن ورما کی ہدایت کاری میں بننے جارہی ویب سیریز میں پہلی بار اپنے جلوے بکھیریں گی۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق کاجول بھارتی فلم انڈسٹری پر راج کرنے کے بعد اب ویب سیریز کی دنیا میں قدم رکھنے جارہی ہیں۔ سوپرن ورما کی ویب سیریز میں اداکارہ کا ڈیبیو ہوگا۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ اس پروجیکٹ میں کاجول کے شوہر اداکار اجے دیوگن بھی اپنی اداکاری کے جوہر دکھائیں گے، یہ سیریز اسٹریمنگ پلیٹ فارم ڈزنی پلس ہاٹ اسٹار پر ریلیز ہوگی۔ کہا جارہا ہے کہ اداکارہ سیریز میں نئی دور کی مضبوط خاتون کا کردار نبھائیں گی۔ ویب سیریز میں سیاست اور جرائم کا بھی تڑکا ہوگا جبکہ اسے پروڈکشن کمپنی بنیجے ایشیا پروڈیوس کرے گی۔



امریکی اداکارہ لِنڈسے لوہان نے بدر شماس سے شادی کرلی

میں دنیا کی خوش قسمت ترین عورت ہوں کہ تم نے مجھے تلاش کیا، لنڈسے لوہان



لاس اینجلس (این این آئی) معروف امریکی اداکارہ وگلوکارہ لِنڈسے لوہان نے کویتی فنانسر بدر شماس سے شادی کرلی۔ اداکارہ لِنڈسے لوہان نے انسٹاگرام پر اپنی اور اپنے دولہا بدر شماس کی تصویر پیار بھرے کیپشن کے ساتھ شیئر کی ہے جس میں گلوکارہ نے انہیں اپنا شوہر کہہ کر مخاطب کیا ہے۔ انہوں نے یہ اعلان اپنی سالگرہ کے موقع پر اپنی اور بدر شماس کی تصویر سوشل میڈیا سائٹ پر شیئر کرتے ہوئے کیا، جس کے کیپشن میں انہوں نے اپنے شوہر کو مخاطب کر کے لکھا ہے کہ میں دنیا کی خوش قسمت ترین عورت ہوں۔

'مس انڈیا 2022ء' کا تاج کس نے پہنا؟

21 سالہ سینی شیٹی ہیں جن کا تعلق بھارت کی ریاست کرناٹک سے ہے

ممبئی (سی ایم لنکس) بھارتی ریاست کرناٹک سے تعلق رکھنے والی 21 سالہ سینی شیٹی 'مس انڈیا 2022ء' بن گئیں۔ بھارتی میڈیا رپورٹس کے مطابق گزشتہ روز ممبئی میں 'مس انڈیا 2022ء' کی فائنل تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں اس مقابلے کی فاتح اور رنر اپ کا اعلان کیا گیا۔ 2022ء کی مِس انڈیا کا خطاب پانے والی 21 سالہ سینی شیٹی ہیں جن کا تعلق بھارت کی ریاست کرناٹک سے ہے۔ مِس انڈیا سینی شیٹی فی الحال چارٹرڈ فنانشل اینالسٹ (سی ایف اے) کا کورس کر رہی ہیں اور اب وہ 71 ویں مِس ورلڈ مقابلے میں بھارت کی نمائندگی کریں گی۔ راجستھان سے روبل شیخاوت مِس انڈیا 2022ء کی پہلی رنر اپ کے طور پر سامنے آئیں

علی سفینہ کا میرا اور کیپٹن نوید سے متعلق بڑا انکشاف

کراچی (سی ایم لنکس) معروف کامیڈین اداکار ومیزبان علی سفینہ کی جانب سے فلم اسٹار میرا اور کیپٹن نوید کے حوالے سے اہم انکشاف کیا گیا ہے۔ اداکارہ میرا پاکستان انٹرٹینمنٹ انڈسٹری کی سب سے متنازع مشہور شخصیت ہیں، ٹوٹی پھوٹی انگریزی سے لے کر عجیب وغریب پروجیکٹس کا انتخاب، بالی ووڈ میں جانا اور شادیوں کی افواہوں کی وجہ سے وہ اکثر و بیشتر خبروں کی زینت بنی رہتی ہیں۔ اداکارہ میرا نے ایک بار 'جیو ٹی وی' پر ایک رئیلٹی شو کیا تھا جہاں ان کا مقصد اپنے ہونے والے شوہر کو تلاش کرنا تھا اس شو کا نام 'کون بنے گا میرا پتی' تھا۔

میں خود شاہ رخ خان کو دیکھ کر سیکھتا ہوں، فہد مصطفیٰ

شاہ رخ خان سے اداکارانہ صلاحیتوں پر موازنہ کرنا زیادتی ہے

کراچی (این این آئی) معروف پاکستانی اداکار فہد مصطفیٰ نے کہا ہے کہ شاہ رخ خان سے اداکارانہ صلاحیتوں پر موازنہ کرنا زیادتی ہے۔ فہد مصطفیٰ نے حال ہی میں اپنے ایک انٹرویو کے دوران ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ شاہ رخ خان کے ساتھ جو موازنہ کر دیتے ہیں بالکل ہی سمجھ سے بالاتر ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم خود شاہ رخ خان کو دیکھ دیکھ کر سیکھتے ہیں، ہمارا ان سے کوئی مقابلہ نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے ان سے جو سیکھا اس کا 1 فیصد بھی ہم سکرین پر اگر پرفارم کرنے میں کامیاب ہو گئے تو بہت بڑی کامیابی ہے۔

شادی کی تو لوگوں نے برا بھلا کہا، لعن طعن کی، غنا علی

لوگ کچھ نہیں دیکھتے، فوراً آپ کی شخصیت کو بے لباس کرنے کی کوشش میں لگ جاتے ہیں



کراچی (این این آئی) ماڈل واداکارہ غنا علی نے شادی شدہ مرد سے شادی کرنے اور اس کے نتیجے میں ہونے والے منفی تبصروں پر پہلی بار کھل کر بات کی ہے۔ غنا علی نے گزشتہ برس 17 مئی کو کراچی کے کاروباری شخص عمیر گلزار سے شادی کی تھی، شادی کے بعد ان پر الزامات عائد کئے گئے تھے کہ انہوں نے دولت کی خاطر پہلے سے ہی شادی شدہ اور ایک بچے کے باپ سے شادی کی ہے، بعدازاں انہوں نے انسٹاگرام پر مداحوں کے سوالوں کے جوابات دیتے ہوئے اعتراف کیا تھا کہ ان کے شوہر پہلے سے ہی شادی شدہ تھے، انہوں نے یہ بھی بتایا تھا کہ ان کے شوہر اتنے زیادہ دولت مند نہیں ہیں۔ حال ہی میں 'مومنا مکسڈ پلیٹ' نامی یوٹیوب چینل کو دیے گئے اپنے ایک انٹرویو میں پہلی بار اداکارہ نے اپنے شوہر کی پہلی شادی اور خود سے متعلق بسابسایا۔

SPORTS
کھیل کھلاڑی

شعیب اختر نے کلاک ٹاور سے خانہ کعبہ کی ویڈیو شیئر کر دی

صبح جیسے ہی میری آنکھ کھلتی ہے سب سے پہلے میرے سامنے خانہ کعبہ ہوتا ہے

راولپنڈی (این این آئی) پاکستان کرکٹ ٹیم کے سابق فاسٹ بالر شعیب اختر نے کلاک ٹاور سے خانہ کعبہ کی ویڈیو شیئر کر دی۔ شعیب اختر نے اپنے انسٹاگرام اکاؤنٹ پر کلاک ٹاور کی اونچائی سے مکہ مکرمہ کی ویڈیو شیئر کی ہے۔ شعیب اختر کی جانب سے اپنے انسٹاگرام اکاؤنٹ کی اسٹوریز پر شیئر کی گئی ویڈیو میں کہنا ہے کہ دیکھیں میں کتنا خوش نصیب ہوں، صبح جیسے ہی میری آنکھ کھلتی ہے سب سے پہلے میرے سامنے خانہ کعبہ ہوتا ہے، سب سے پہلی میری نظر خانہ کعبہ پر جاتی ہے۔ اس ویڈیو میں شعیب اختر اپنے فالوورز کو اپنا روم بھی دکھا رہے ہیں۔

کشمیر پریمیئر لیگ کے دوسرے ایڈیشن کے شیڈول کا اعلان

25 ٹی ٹوئنٹی ڈے اینڈ نائٹ میچز 11 سے 25 اگست تک کھیلے جائیں گے

اسلام آباد (این این آئی) کشمیر پریمیئر لیگ (کے پی ایل) کے دوسرے ایڈیشن کے شیڈول کا اعلان کر دیا گیا۔ ترجمان کے پی ایل کے مطابق کشمیر پریمیئر لیگ میں 25 ٹی ٹوئنٹی ڈے اینڈ نائٹ میچز 11 سے 25 اگست تک کھیلے جائیں گے۔ ترجمان نے کہا کہ کشمیر پریمیئر لیگ کی براڈ کاسٹنگ پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) کے معیار جیسی ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ مظفر آباد کرکٹ اسٹیڈیم کشمیر پریمیئر لیگ کے دوسرے ایڈیشن کی میزبانی کرے گا۔ ترجمان کا کہنا ہے کہ اسپائیڈ کیم، ہاک آئی اور بگی کیم کی مدد سے کے پی ایل کی کوریج کی جائے گی۔



قومی ٹیم میں شعیب ملک اچھی سیاست کرتے ہیں، احمد شہزاد

وہ چیزوں کو اچھے اور لمبے عرصے تک لے کر چلنے کی اہلیت رکھتے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کرکٹ ٹیم کے ٹیسٹ اوپنر احمد شہزاد نے سابق کپتان شعیب ملک کے حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ وہ قومی ٹیم میں بڑی اچھی سیاست کرتے ہیں۔ ایک انٹرویو میں 30 سالہ احمد شہزاد نے کہا کہ قومی ٹیم کے ڈریسنگ روم میں سیاست ہوتی ہے اور سابق ٹیسٹ کپتان شعیب ملک اچھی سیاست کرتے ہیں۔ پاکستان کے لیے 13 ٹیسٹ، 81 ون ڈے اور 59 ٹی ٹوئنٹی کھیلنے والے احمد شہزاد جو شعیب ملک کے ساتھ 2009 آئی سی سی ورلڈ ٹی ٹوئنٹی اور 2017 میں آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی جیتنے والی ٹیم کا حصہ رہے کہتے ہیں کہ سابق کپتان شعیب ملک کی شخصیت ایسی ہے کہ وہ اچھے سیاستدان بن سکتے ہیں کیونکہ وہ چیزوں کو اچھے اور لمبے عرصے تک لے کر چلنے کی اہلیت رکھتے ہیں۔

کشمیر میں کرکٹ سے نیا ٹیلنٹ سامنے آئے گا

کشمیر میں ہر بچہ کرکٹ کو بہت پسند کرتا اور کھیلنا چاہتا ہے، جاوید میانداد

کراچی (این این آئی) قومی کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان جاوید میانداد نے کہا ہے کہ کشمیر ہمارا دل ہے، کشمیر میں کرکٹ سے نیا ٹیلنٹ سامنے آئے گا۔ ایک بیان میں جاوید میانداد نے کہا کہ کشمیر میں ہر بچہ کرکٹ کو بہت پسند کرتا اور کھیلنا چاہتا ہے، کشمیری بچے ہمارے اور آپ کے تصور سے زیادہ کرکٹ کے شوقین ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کشمیر پریمیئر لیگ (کے پی ایل) سے آزاد کشمیر میں بڑا فرق پڑے گا، کے پی ایل کے ساتھ دیگر لیگز بھی ہونی چاہئیں۔ جاوید میانداد کا کہنا ہے کہ ڈومیسٹک کرکٹ میں اتنا پیسہ نہیں ملتا جتنا کہ کرکٹرز لیگ کھیلنے

ثانیہ مرزا سیمی فائنل میں آج ایکشن میں نظر آئیں گے

لندن (این این آئی) بھارتی نامور ٹینس اسٹار ثانیہ مرزا اور ان کے کروشین جوڑی دار میٹ پاویک رواں سال کے تیسرے گرینڈ سلام ومبلڈن اوپن ٹینس ٹورنامنٹ کے مکسڈ ڈبلز مقابلوں کے سیمی فائنل راؤنڈ میں (آج) جمعرات کو ایکشن میں نظر آئیں گے۔ تفصیلات کے مطابق میگا ایونٹ کے مکسڈ ڈبلز مقابلوں کے کوارٹر فائنل میچ میں بھارتی نامور ٹینس سٹار ثانیہ مرزا اور ان کے کروشین جوڑی دار میٹ پاویک نے عمدہ کھیل پیش کرتے ہوئے آسٹریلیا کے جان ویلم پیرز اور ان کی کینیڈین جوڑی دار گیبریلا ڈابروسکی کو 6-4، 6-3 اور 7-5 سے شکست دیکر سیمی فائنل راؤنڈ کیلئے کوالیفائی کیا تھا۔

9 پاکستانی کرکٹرز کو مختلف فرنچائزز نے منتخب کر لیا

عماد وسیم کو سب سے زیادہ 60 ہزار ڈالرز میں گال گلیڈی ایٹرز نے اپنا بنالیا

کولمبو (این این آئی) سری لنکن پریمیئر لیگ کے لیے 9 پاکستانی کرکٹرز کو مختلف فرنچائزز نے منتخب کر لیا۔ سری لنکن پریمیئر لیگ میں 9 پاکستانی کرکٹرز کو مختلف فرنچائزز نے منتخب کر لیا، ان میں عماد وسیم کو سب سے زیادہ 60 ہزار ڈالرز میں گال گلیڈی ایٹرز نے اپنا بنالیا۔ آصف علی (50 ہزار ڈالر) کولمبو اسٹارز، فہیم اشرف (50 ہزار ڈالر) گال گلیڈی ایٹرز، شعیب ملک (40 ہزار ڈالر) جافنا کنگز، شاہنواز دھانی (25 ہزار ڈالر) جافنا کنگز کی نمائندگی کریں گے۔

نیوزی لینڈ مرد اور خواتین کرکٹرز کو برابر کے معاوضے دینے والا پہلا ملک بن گیا

کرائسٹ چرچ (این این آئی) نیوزی لینڈ مرد اور خواتین کرکٹرز کو برابر کے معاوضے دینے والا پہلا ملک بن گیا۔ نیوزی لینڈ کرکٹ کی طرف سے کئے گئے نئے معاہدے کے تحت ٹیسٹ میچ کھیلنے پر مرد اور خواتین کرکٹرز کو 10 ہزار 250 ڈالر ملیں گے، یہ رقم 21 لاکھ روپے سے زیادہ بنتی ہے۔ ون ڈے میچ کھیلنے پر 4 ہزار ڈالر ملیں گے۔

نوویک جوکووچ نے ومبلڈن اوپن ٹینس مینز سنگلز سیمی فائنل میں

اطالوی ٹینس کھلاڑی جینک سنر اور بیلجیم کے ڈیوڈ گوفن کوارٹر فائنل میں ہار کر میگا ایونٹ سے باہر ہو گئے

لندن (این این آئی) دفاعی چیمپئن نوویک جوکووچ نے 11 مرتبہ سیمی فائنل کیلئے کوالیفائی کر لیا جبکہ اطالوی ٹینس کھلاڑی جینک سنر اور بیلجیم کے ڈیوڈ گوفن کوارٹر فائنل میں ہار کر میگا ایونٹ سے باہر ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق 20 گرینڈ سلام ٹائٹل جیتنے والے 35 سالہ نوویک جوکووچ نے مینز سنگلز مقابلوں کے کوارٹر فائنل میچ میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے حریف اطالوی ٹینس کھلاڑی جینک سنر کو 5-7، 2-6، 6-3، 6-2 اور 6-2 سے شکست دی اور 11 ویں مرتبہ میگا ایونٹ مینز سنگلز سیمی فائنل راؤنڈ کیلئے کوالیفائی کیا۔ دونوں کھلاڑیوں کے درمیان کوارٹر فائنل میچ 3 گھنٹے اور 35 منٹ تک جاری رہا۔ سربین اسٹار نوویک جوکووچ مجموعی طور پر 21 ویں گرینڈ سلام کے لئے کوشاں ہیں۔

بقیہ 1

سے گفتگو کرتے ہوئے مریم اورنگزیب نے کہا کہ عمران خان کو سب کچھ اس وقت یاد آتا ہے جب ان کے اسکینڈل سامنے آئے۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان کہتے ہیں کہ ساری کابینہ ضمانت پر ہے، ضمانت پر اس لیے ہیں کہ آپ نے جھوٹے کیسز بنائے۔

بقیہ 2

میں جون میں مئی کے مقابلے میں 32 فیصد زائد رقم جمع کرائی گئی۔ اعلامیے کے مطابق روشن ڈیجیٹل کھاتوں میں جمع کرائی گئی مجموعی رقم 4 ارب 60 کروڑ ڈالر ہے۔ ایس بی پی کے مطابق روشن ڈیجیٹل اکاؤنٹس سے 22 ماہ میں 80 کروڑ ڈالر نکالے گئے، 22 مہینوں میں روشن ڈیجیٹل اکاؤنٹس کا بیلنس 3 اعشاریہ 80 ارب ڈالر ہے۔ اعلامیے کے مطابق حکومت پاکستان اور اسٹیٹ بینک اوورسیز پاکستانیوں کی ضروریات پوری کرنے کے لیے پرعزم ہے، حکومت اور ایس بی پی اوورسیز پاکستانیوں کا شکریہ ادا کرتے ہیں۔

بقیہ 3

کر لیا ہے۔ اس سلسلے میں ایس ای سی پی کو باقاعدہ مراسلہ بھی بھیج دیا گیا ہے۔ ریکارڈ فرح گوگی کی کنسٹرکشن کمپنی غوثیہ بلڈرز اور ہاسنگ سوسائٹی جی۔ مکنولیا (G Magnolia) کے حوالے سے طلب کیا گیا ہے۔ اینٹی کرپشن گوجرانوالہ ہاسنگ سوسائٹی کی ڈویلپمنٹ کے حوالے سے تحقیقات کررہا ہے۔ بتایا گیا ہے کہ ہاسنگ سوسائٹی جی مکنولیا کی انتظامیہ کے خلاف تحقیقات کا آغاز شہریوں کی درخواست پر کیا گیا ہے۔ یاد رہے کہ فرح گوگی ہاسنگ سوسائٹی جی مکنولیا تعمیر کرنے والی کنسٹرکشن کمپنی غوثیہ بلڈرز کی چیف ایگزیکٹو ہیں۔

بقیہ 4

کمیٹی بنائی جائے جس میں تمام سیاسی جماعتوں کی نمائندگی ہو، اس عمل کی سیاسی قیادت اور پارلیمنٹ نے حمایت کی۔

بقیہ 5

کی خودمختاری کا بل بھی پارلیمان سے پاس ہوا پھر پاکستان اور آئی ایم ایف کے درمیان جولائی میں 6 ارب ایکسٹینڈڈ فنڈ فیسلٹی کا معاہدہ ہوا تھا اور اس معاہدہ کے تحت پاکستان کو تین سال کے زائد کے عرصہ میں چھ ارب ڈالر کی رقم عالمی مالیاتی ادارے کی جانب سے قسطوں میں ملنی تھی اس معاہدے کے تحت پاکستان کو 800 کروڑ کے ٹیکس لگانے پڑیں گے۔ انہوں نے کہا کہ اس پیکج کے بعد پاکستان ایران گیس منصوبہ ہمیشہ کیلئے بند کرنا پڑے گا، آئی ایم ایف سے ملنے والے پیسے سی پیک پر نہیں لگائے جائیں گے اب بتائیں کہ گیس پائپ لائین منصوبہ اور سی پیک منصوبہ کس نے بند کیا۔

بقیہ 6

قومی مفاد میں کام نہیں کر رہی۔ برطانوی میڈیا کا کہنا ہے کہ کابینہ کے دو اہم وزرا کے مستعفی ہونے سے بورس جانسن کی حکومت کو خطرہ لاحق ہوسکتا ہے۔ وزیراعظم کی جانب سے جنسی ہراسگی کے الزامات کا سامنا کرنے والے رکن پارلیمنٹ کرس پنچر کو ایک حکومتی عہدے پر لگانے اور اس کے بعد معافی مانگنے کے بعد دونوں وزرا نے استعفے دیئے۔

بقیہ 7

کمشنر غذر کے مطابق لینڈ سلائیڈنگ سے 3 افراد زخمی بھی ہوئے جبکہ لینڈ سلائیڈنگ کے دوران لاپتہ ہونے والے محکمہ برقیات کے 6 ملازمین محفوظ ہیں۔ ڈی سی غذر نے کہا کہ گزشتہ روز گاؤں شیر قلعہ میں لینڈ سلائیڈنگ سے متعدد مکانات اور 2 بجلی گھر سیلابی ریلے کی زد میں آگئے تھے۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ لینڈ سلائیڈنگ سے محکمہ برقیات کے 6 ملازمین بھی لاپتہ ہوگئے تھے۔

بقیہ 8

بھر کے مسلمانوں کی سہولت کے لئے خطبہ حج کا اردو سمیت 14 زبانوں میں ترجمہ کیا جائے گا۔ خطبہ حج ہر سال کی طرح مسجد نمرہ عرفات سے دیا جائے گا۔ خادم حرمین شریفین شاہ سلمان بن عبدالعزیز آل سعود کی جانب سے ڈاکٹر محمد بن عبدالکریم العیسی کو حج 2022 کے لیے خطیب مقرر کیا گیا ہے۔ حرمین شریفین کے سوشل میڈیا اکاؤنٹ پر جاری پوسٹ میں کہا گیا ہے کہ ڈاکٹر محمد بن عبدالکریم نو ذوالحج کو عرفات کی مسجد نمرہ میں حج کا خطبہ دیں گے۔ دوسری جانب حرمین شریفین انتظامیہ نے مسجد الحرام میں عازمین حج کو مذہبی یا حج سے متعلق سوالات کے جواب دینے کے لیے روبوٹ گائیڈ متعارف کرا دیئے۔ روبوٹ گائیڈ اردو، عربی، انگریزی، فرانسیسی، روسی، فارسی، ترکی، ملاوی، بنگالی، چینی اور ہوساوی زبانوں میں عازمین کو سوالوں کے جواب دیں گے۔

بقیہ 9

مگر ترامڑی چوک سے لیکر ٹھنڈا پانی تک روشنیاں بند ہیں اسی طرح پارک روڈ چھٹہ بختاور سے لیکر ترامڑی تک روڈ شنیاں چالو حالت میں نہیں ہیں جبکہ کھمبے موجود ہیں وفاقی دالحکومت کی لہتراڑ روڈ گپ اندھیرے کا منظر پیش کرنے لگی ہے تفصیلات کے مطابق کھمبے موجود ہیں مگر روشنیاں چالو نہیں ہیں روشنیوں کی بندش کے باعث حادثات اور وارداتیں ہونے کے خطرات پیدا ہوگئے ہیں تفصیلات کے مطابق کھنہ پل سے لیکر ترامڑی چوک تک کچھ کھمبوں پر روشنیاں چالو حالت میں نہیں جبکہ ترامڑی چوک سے لیکر ٹھنڈا پانی تک روشنیاں نہیں چلائی جاتی ہیں شہریوں کو دوران سفر شدید خطرات مسائل و مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے مزید تفصیلات کے مطابق روڈ لائیٹس کی بندش سے منٹوں کا سفر گھنٹوں پر طے ہونے لگا ہے تفصیلات کے مطابق پارک روڈ پر چھٹہ بختاور اسلام آباد سے لیکر ترامڑی چوک تک مکمل روڈ لائیٹس بند ہیں شہریوں نے میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ ہماری ڈپٹی کمشنر اسلام آباد عرفان نواز میمن سے درخواست ہے کہ لہتراڑ روڈ اور پارک روڈ پر روڈ لائیٹس کو چالو کیا جائے تا کہ شہری با آسانی رات کو بھی اپنا سفر جاری رکھ سکیں

بقیہ 10

راجا صغیر احمد کے کارنر میٹنگ سے خطاب کی ووٹرز کو پیسوں کی آفر دینے کی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہو رہی ہے۔ ویڈیو میں دیکھا جاسکتا ہے کہ مسلم لیگ ن کے امیدوار راجا صغیر کی جانب سے ووٹرز کو آفر و یقین دہانی کراتے سمیت دیکھا جاسکتا ہے۔ امیدوار کا کہنا تھا کہ ووٹرز جتنی دیر یہاں بیٹھے ہیں اتنے ہی آپ کو پیسے دوں گا، سب کہتے ہیں راجا صاحب منتخب ہوکے پیسے دیں گے، میں کہتا ہوں میں پہلے پیسے دوں گا گھبرائیں نہیں۔ ووٹ کی باری بعد میں آئے گی۔ لیگی رہنماء کی جانب سے تقریر میں آفر و یقین دہانی سن کر شرکاء کو تالیاں مارکر ان کے حق میں نعرے لگاتے بھی سنا جاسکتا ہے۔ دوسری جانب ویڈیو کے منظر عام پر آنے کے بعد راجا صغیر کا موقف معلوم کرنے کے لیے رابطے کی کوشش کی گی تو رابطہ ممکن نہ ہوسکا۔

بقیہ 11

نواز شریف اور عمران خان کے موقف میں فرق ہے، نواز شریف کہتے تھے ادارے اپنی حدود میں رہیں، عمران خان اداروں کو سیاست میں مداخلت کرنے کیلئے کہہ رہے ہیں، سینئر تجزیہ کار مظہر عباس نے کہا کہ عمران خان اداروں کو سیاست سے دور رہنے کیلئے نہیں کہہ رہے ہیں، عمران خان اداروں سے کہہ رہے ہیں آپ الیکشن کروائیں۔ ڈاکٹر معید پیرزادہ نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ عمران خان نے کہا کہ اگر مجھے نقصان پہنچایا گیا مجھے قتل کردیا گیا تو اس صورت میں میں نے ایک ویڈیو ریکارڈ کرکے رکھی ہے۔ جس میں مکمل بیان ہے کہ جو بھی رجیم چینج ہوا یہ سازش جو وہ کہتے ہیں یہ کن لوگوں نے کی اور اس میں کون کون کردار ہیں۔ جو صحافیوں کیساتھ ہو رہا ہے وہ آپکے سامنے ہے۔ سینئر تجزیہ کار، مظہر عباس نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ جس ملک میں وزیراعظم کو اطلاعات تک رسائی نہ ہو وہاں ہمیں کیسے ملے گی۔ محترمہ بینظیر بھٹو کو بڑی مشکل سے اندر سے کہوٹہ دکھایا گیا ورنہ تو کلیئرنس نہیں تھی۔ بدقسمتی سے ہمارے سیاستدان ایک دوسرے کو سکیورٹی رسک کہتے رہے ہیں۔ عمران خان جس خدشے کا اظہار کررہے ہیں انہیں اگر کوئی خطرات ہیں تو انہیں آگاہ کرنا چاہئے۔ آج اگر عمران خان یہ بات نہیں بولیں گے تو کل تو میں تاریخ میں اس چیز کو پڑھوں گا۔ ن لیگ کی رہنما عظمی بخاری نے کہا کہ عمران خان کیخلاف فارن فنڈنگ کیس سات چلتا رہا فیصلہ پتا نہیں کب تک محفوظ رہے گا۔ عظمی بخاری کا کہنا تھا کہ عمران خان کی مرضی کا فیصلہ آئے تو عدالتیں اچھی مرضی کا فیصلہ نہ آئے تو لوہار کورٹ قرار دیدیتے ہیں،

بقیہ 12

سے پوچھتا ہوں کہ انہیں کیسے ہراساں کیا جارہا ہے، کیا ان کے خلاف جھوٹے مقدمات قائم کیے جارہے ہیں، کیا انہیں کوٹ لکھپت جیل یا اڈیالہ جیل میں بند کردیا گیا ہے اور وہاں ان کی جیل سے پنکھا یا اے سی ہٹا دیا گیا ہے، دوائیں بند کردی گئی ہیں یا انہیں گھر سے کھانا منگوانے کی سہولت نہیں دی جارہی۔ وزیر داخلہ نے کہا کہ عمران خان کو ایسی باتیں کرتے ہوئے شرم آنی چاہیے، عمران خان خود اپنے مخالفین کے خلاف اس طرح کے اقدامات کرتے رہے ہیں جب کہ ان کے ساتھ تو ابھی تک اس طرح سے کچھ بھی نہیں ہوا، کہہ رہے ہیں مجھے دیوار سے لگایا جارہا ہے، کیا عمران خان سے یہ سوال کرنا کہ قوم کا 50 ارب روپیہ غبن کروا کر 5 ارب کی زمین حاصل کی، اس کے ٹرسٹی عمران خان اور ان کی اہلیہ ہیں، اس سے متعلق سوال کرنے سے آپ پریشان ہو رہے ہیں یا آپ کی بہن اور بیٹی کو گرفتار کرلیا گیا ہے جو آپ ہراساں ہو رہے ہیں۔

بقیہ 13

قریب میں ہونے والے اضافے کی وجہ سے سرمایہ کاروں میں عالمی کساد بازاری کا خدشہ بڑھ گیا ہے جبکہ 2023 کے آخر تک 45 ڈالر فی بیرل تک نیچے آنے کا امکان بھی ہے۔ ایک عرب اخبار نے بلومبرگ کا حوالہ دیتے ہوئے بتایا کہ سٹی گروپ، فرانسسکو مارٹوشیا اور ایڈ مورس نے مشترکہ رپورٹ میں کہا ہے کہ اگر تیل پیدا کرنے اور برآمد کرنے والی تنظیم اور اس کے اتحادیوں، جن کو اوپیک پلس کے طور پر جانا جاتا ہے کی جانب سے کوئی مداخلت نہ کی گئی یا پھر سرمایہ کاری میں کمی کی گئی تو متذکرہ صورت حال میں بڑھاوا بھی آسکتا ہے۔ جے پی مارگن کے تجزیہ کاروں جن میں نتاشا کنیوا بھی شامل ہیں کا کہنا ہے کہ اگر امریکہ اور یورپ کی پابندیوں کے باعث روس نے تیل کی پیداوار میں کمی کی تو قیمتیں 380 ڈالر فی بیرل تک جاسکتی ہیں۔

بقیہ 14

ہوئے چیئرمین تحریک انصاف کی عبوری ضمانت میں 18 جولائی تک توسیع کردی۔ سابق وزیراعظم عمران خان کے خلاف لانگ مارچ کے دوران توڑ پھوڑ کیس میں عمران خان عدالت میں پیش نہیں ہوئے، جج کامران بشارت مفتی نے عمران خان کی جان کو خطرے کے پیش نظر حاضری سے استثنیٰ کیلئے دی گئی درخواست منظور کرلی۔ سابق گورنر خیبر پختونخوا اور شاہ فرمان اور صوبائی وزیر شہرام ترکئی کی عبوری ضمانت بھی 5،5 ہزار روپے مچلکوں کے عوض منظور کرلی۔ تحریک انصاف کے وکیل بابر اعوان نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ پی ٹی آئی نے کبھی کسی حکمران کے خلاف مقدمہ درج نہیں کیا، ہماری ایف آئی آر تھانوں میں پڑی ہیں لیکن کوئی دیکھنے والا نہیں۔ بابر اعوان نے کہا کہ فاشسٹ حکومت نے اپنے خلاف آواز اٹھانے والے کی آواز بند کر دی ہے، عمران ریاض خان کی گرفتاری پر پریس کلب کے باہر احتجاج کریں گے۔

بقیہ 15

کورٹ ریفرنس پر دیا جانے والا عشائیہ بھی منسوخ کردیا گیا۔ جسٹس مظہر عالم 13 جولائی کو ریٹائر ہوں گے، عید کی چھٹیوں کے باعث ریفرنس جلد رکھا گیا تھا تاہم ڈینگی میں مبتلا ہونے اور ہسپتال میں زیر علاج ہونے کے باعث عشائیے کو منسوخ کیا گیا ہے۔ جسٹس مظہر عالم کے اعزاز میں فل کورٹ ریفرنس کل شیڈیول تھا تاہم اب مکمل صحتیابی بعد عشائیہ دینے کا فیصلہ ہوگا۔

بقیہ 16

سے پانی کا اخراج کم، تربیلا سے بڑھا دیا گیا۔ واپڈا ذرائع کا کہنا تھا کہ چند روز میں ہائیڈل پاور کی پیداوار بڑھنے کا امکان ہے۔

بقیہ 17

عیسی خیل انٹرچینج تک تقریباً 184 کلومیٹر طویل موٹروے کی تعمیر کے لیے فزیبلٹی اسٹڈی اور تفصیلی ڈیزائن کے لیے مشاورتی خدمات کی تجویز کی درخواست جاری کی۔ اس منصوبے کی مالی اعانت وفاقی حکومت پی ایس ڈی پی 2022-23 کے ذریعے کرے گی۔ پری پروپوزل کانفرنس 19 جولائی 2022 کو اسلام آباد میں این ایچ اے ہیڈکوارٹر میں منعقد ہوگی جبکہ فراہمی سنگل اسٹیج ٹو اینویلپ کے طریقہ کار کو اپناتے ہوئے کی جائے گی۔ تجاویز ہر لحاظ سے آر ایف پی دستاویز میں مہر بند لفافوں میں فراہم کردہ ہدایات کے مطابق مکمل ہوتی ہیں جو 10 اگست 2022 کو یا اس سے پہلے پہنچ جانی چاہئیں۔ عیسی خیل انٹرچینج پنجاب کے ضلع میانوالی میں ایم 14 پر واقع ہے جو کہ خیبر پختونخواہ کے ضلع لکی مروت کے قریب ہے۔ میانوالی اور غلام خان کے درمیان خیبر پختونخوا کا ضلع بنوں آتا ہے۔ طورخم اور چمن کے بعد غلام خان پاکستان اور افغانستان کے درمیان تیسری اہم ترین گزرگاہ ہے۔ افغانستان نے پہلے ہی گوادر پورٹ سے فائدہ اٹھانا شروع کر دیا ہے اور ملک کو جولائی 2020 میں متحدہ عرب امارات سے بلک کارگو کی پہلی کھیپ موصول ہوئی تھی۔ پاک افغان سرحدی مقام غلام خان کراسنگ سی پیک کے مغربی روٹ کو افغانستان، وسطی ایشیائی ریاستیں اور اس سے آگے سے ملانے والا مختصر ترین راستہ ہے۔

بقیہ 18

عالم خان نے کہا کہ ایک محکمے نے کہا کل عید ہے، اس لیے نہیں آسکتے جبکہ عید تو 10 جولائی کو ہے۔ سینیٹر مشاہد حسین سید نے کہا کہ یہ محکمہ نیب ہوگا، جس پر نور عالم خان نے کہا کہ جی نیب ہی ہے۔

بقیہ 19

نمائش اور اسلحہ لے کر چلنے پر مکمل پابندی ہوگی۔ نوٹیفکیشن کیمطابق صرف بینکوں کے سکیورٹی گارڈز لائسنس والا اسلحہ ساتھ لے کر چل سکیں گے۔ دوسری جانب دفعہ 144 کے تحت 5 جولائی سے 4 اگست تک صوبے بھر میں ہوائی فائرنگ پر بھی مکمل پابندی ہوگی، اس اقدام کا مقصد امن وامان اور شہریوں کا تحفظ یقینی بنانا ہے۔

بقیہ 20

بتایا کہ وہ اسلام آباد ٹول پلازہ پر ہے، اس کی گرفتاری اسلام آباد کی حدود سے ہوئی ہے۔ وکیل نے دلائل میں مزید کہا کہ لاہور ہائی کورٹ میں پولیس نے 17 مقدمات درج ہونے کی رپورٹ دی، جس پر میں نے لاہور ہائی کورٹ میں الگ سے توہین عدالت کی درخواست دائر کی۔ لاہور ہائیکورٹ کو رات کی ایف آئی آر سے متعلق نہیں بتایا گیا تھا۔ یہ بات چھپائی گئی۔ چیف جسٹس نے ریمارکس دیے کہ ہر عدالت کا اپنا دائرہ اختیار ہے۔ لاہور ہائی کورٹ اس معاملے کو دیکھ سکتی ہے۔ اٹک میں عمران ریاض خان کی گرفتاری ہوئی، اس عدالت کا دائرہ اختیار نہیں بنتا۔ یہ کورٹ پنجاب کی تفتیش تو نہیں کرسکتی۔ درخواست گزار کے وکیل نے بتایا کہ اس عدالت نے واضح احکامات دیے تھے، ان کی خلاف ورزی ہوئی ہے۔ عدالت نے کہا کہ وہ اسلام آباد سے گرفتاری کی بات کی تھی، اب یہ ہمارے دائرہ اختیار سے باہر سے گرفتاری ہوئی۔ اسلام آباد پولیس نے عمران ریاض خان کی گرفتاری نہیں کی، پنجاب پولیس نے کی۔ چیف جسٹس نے کہا کہ ہم اس کیس میں کوئی آبزرویشن نہیں دے رہے، اگر لاہور ہائیکورٹ کہے کہ اسلام آباد سے گرفتاری ہوئی تو وہ آرڈر اس عدالت کے سامنے لے آئیے گا۔ عمران ریاض کے وکیل نے عدالت کو بتایا کہ اسلام آباد پولیس کہہ رہی ہے کہ گرفتاری پنجاب سے ہوئی، ہم کہہ رہے ہیں اسلام آباد سے ہوئی۔ جس پر چیف جسٹس نے کہا کہ یہ آپ کے انٹرسٹ میں ہے کہ لاہور ہائی کورٹ سے رجوع کریں۔ دائرہ اختیار کے حوالے سے سوال پٹیشنر لاہور ہائیکورٹ کے سامنے اٹھا سکتا ہے۔ بعد ازاں عدالت نے عمران ریاض کے وکیل کو لاہور ہائی کورٹ سے رجوع کا حکم دیتے ہوئے درخواست نمٹا دی۔ عمران ریاض کے وکیل نے کہا کہ گزشتہ رات کو عدالت کھولنے پر ہم آپ کے شکر گزار ہیں۔ چیف جسٹس نے کہا کہ کوئی بھی درخواست گزار کسی بھی وقت آئے ہم سننے کے لیے تیار ہیں

بقیہ 21

سے گفتگو کرتے ہوئے فواد چوہدری نے کہا کہ ہر دوسرے دن ایک نیا اسکینڈل سامنے آرہا ہے۔ فواد چوہدری نے کہا کہ حکومت پے در پے ایسی حرکتیں کر رہی ہے کہ جمہوریت ختم ہی ہوجائے۔ انہوں نے کہا کہ کرپشن کے خاتمے کے لیے بے پناہ کوششیں کی گئیں، ہمارے کسی ایک وزیر پر کرپشن کا کیس نہیں ہے، سولر کا ایک اسکینڈل ہے جس پر تحقیقات ہونی چاہیے۔ سابق وفاقی وزیر نے کہا کہ ہمارے دور میں جو کیپٹن ریٹائرڈ صفدر سے ہوا وہ سندھ حکومت نے کیا، سندھ میں 2 صحافیوں کا قتل ہوا اور سیاستدانوں پر مقدمات درج ہو رہے ہیں۔ دوسری جانب پی ٹی آئی رہنما شیریں مزاری کا کہنا ہے کہ گرینڈ ڈائیلاگ تو وہ کریں جو عوام کا مینڈیٹ لے کر آئیں، سازش کے ذریعے حکومت میں آنے والے گرینڈ ڈائیلاگ کیا کریں گے۔

بقیہ 22

کے ذریعے سولر پینل کی خریداری سے متعلق بے بنیاد الزامات عائد کئے ہیں۔ لیگل نوٹس میں مزید کہا گیا ہے کہ لگائے گئے الزامات میں وفاقی کابینہ کے سرکاری عمارتوں پر سولر پینل کی تنصیب کا فیصلہ بھی شامل ہے جس کا فائدہ سلیمان شہباز کو پہنچے کا الزام عائد کیا گیا کہ سلیمان شہباز سولر پینل کی کمپنی چلا رہے ہیں۔ یہ بھی الزام عائد کیا کہ سلیمان شہباز نے پاکستان کو سولر پینل مہیا کرنے کیلئے معاہدہ کیا ہے۔ عمران اسماعیل کی جانب سے لگائے گئے تمام الزامات میں کوئی صداقت نہیں، یہ تمام بے بنیاد الزامات شہرت خراب کرنے کیلئے لگائے گئے۔ نوٹس کے مطابق عمران اسماعیل کی اس ٹویٹ کو چار ہزار لوگوں نے ری ٹویٹ کیا۔ سلیمان شہباز کی جانب سے مطالبہ کیا گیا کہ عمران اسماعیل بے بنیاد الزامات عائد کرنے پر معافی مانگیں، سلیمان شہباز نے اپنے وکیل منصور عثمان انور کی جانب سے عمران اسماعیل کو نوٹس بھجوایا ہے۔

بقیہ 23

اور تیل کی قیمتوں میں بے پناہ اضافہ ہوا، سرخ آٹے کی بوری 6500 روپے اور میدہ کی بوری 8 ہزار روپے ہوگئی۔ قیمتوں میں اضافہ بدھ 6 جولائی سے کردیا گیا۔

بقیہ 24

گفتگو کے دوران مصطفیٰ کمال نے دھمکی دی ہے کہ اگر 12 گھنٹوں میں کارکنوں کو رہا نہ کیا گیا تو سڑکوں پر ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ کراچی کے حلقے این اے 240 کے الیکشن میں جو کچھ ہوا وہ سب جانتے ہیں، ضمنی انتخابات میں فائرنگ ہمارے کارکنوں پر ہوئی اور ہمیں ہی گرفتار کرلیا گیا۔ پی ایس پی کے چیئرمین نے کہا کہ دفتر کے اندر میں اور انیس قائم خانی تھے، وہاں فائرنگ کی گئی، اس واقعے میں ہمارا ایک ساتھی جاں بحق ہوا تھا، پولیس نے دہشت گردوں کو پکڑنے کے بجائے اپنی مرضی سے مقدمہ درج کیا۔ انہوں نے کہا کہ پولیس نے الیکشن کمیشن میں بیان دیا ہے کہ میں نے توڑ پھوڑ کی، ایس ایس پی کورنگی نے الیکشن کمیشن کے سامنے جھوٹ بولا، ہمیں مارا گیا اور ہمارے ہی 16 ساتھیوں پر دہشت گردی کا مقدمہ ڈال دیا گیا۔ مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ نومبر تک اہم فیصلے ہونے ہیں، زرداری صاحب تب تک پاکستان کا بیڑا غرق کر دیں گے، یہ حکومت کسی قابل نہیں، یہ زرداری اور ایم کیو ایم کو کیسے ناراض کرے گی، یہ پارٹیاں اس قابل نہیں کہ ان کو یہ ملک دیا جائے۔

بقیہ 25

کی قیام پاکستان کیلئے جدوجہد اور قربانیوں کو اجاگر کیا جائے گا۔ محترمہ فاطمہ جناح 30 جولائی 1893ء کو کراچی میں پیدا ہوئیں واضح رہے کہ محترمہ فاطمہ جناح نے تحریک پاکستان میں کلیدی کردار ادا کیا اور اپنے بھائی حضرت قائد اعظم محمد علی جناح کے شانہ بشانہ چلتے ہوئے فیصلہ کن کردار ادا کیا اسی وجہ سے انہیں مادر ملت کا خطاب ملا۔ محترمہ فاطمہ جناح ؟ 9 جولائی 1967ء کو 73 برس کی عمر میں انتقال کر گئی تھیں انہیں کراچی میں دفن کیا گیا تھا۔

بقیہ 26

بن عبدالکریم 9 ذوالحجہ کو عرفات کی مسجد النمر میں حج کا خطبہ دیں گے۔ پوسٹ میں بتایا گیا ہے کہ شیخ محمد بن عبدالکریم العیسی مسلم ورلڈ لیگ کے سیکرٹری جنرل کے ساتھ آرگنائزیشن آف مسلم اسکالرز کے صدر کے عہدے پر بھی فائز ہیں۔ واضح رہے کہ رواں برس کا خطبہ حج انگریزی اور اردو سمیت 14 زبانوں میں براہ راست نشر کیا جائے گا، صدر امور حرمین شریفین شیخ عبدالرحمن السدیس کا کہنا تھا کہ اسلام کا پیغام پوری دنیا میں موجود سامعین تک پہنچانے کے لیے خطبہ حج 14 زبانوں میں نشر ہوگا۔ ان کا کہنا تھا کہ سعودی عرب کی قیادت اعتدال اور رواداری کا پیغام زیادہ سے زیادہ سامعین تک پہنچانا چاہتی ہے۔

بقیہ 27

انصاف نے اس کام کو چیلنج کرکے مکروہ حرکت کی ہے۔ یہ غریب دشمن اور عوام دشمن لوگ ہیں۔ انہوں نے چار سال میں عوام کو صرف دکھ ہی پہنچائے، ریلیف پیکج بجٹ کا حصہ ہے اور اسمبلی سے منظور کروایا گیا ہے۔ اس پیکج کا اطلاق صرف 20 حلقوں میں نہیں پورے پنجاب کے لیے ہے۔ انہوں نے ریلیف اقدام کو چیلنج کرکے غریب اور عوام دشمن ہونے کا ثبوت دیا۔

بقیہ 28

شواہد اکٹھے کرکے مصروف تفتیش ہے۔ ذرائع کے مطابق سرگودھا ریجن کے علاقہ مکڑوال کے علاقہ سلطان خیل کے بے نظیر چوک میں موٹر سائیکل سوار مسلح افراد نے اندھا دھند فائرنگ کر کے وانڈھا ڈھیڈیانوالا کرندی کے نظم دین اور اسکی بہو سکینہ بی بی کو قتل کر دیا اور فرار ہو گے۔ اس دوہرے قتل کی واردات پر بتایا گیا کہ مقتولہ سکینہ بی بی کی کچھ عرصہ پہلے مقتول نظم دین کے بیٹے صفی اللہ سے شادی ہوئی اور گھر میں اکثر لڑائی جھگڑا رہتا تھا۔ ار پی او عمران محمود نے واقعہ کا نوٹس لیتے ہوئے ڈی پی او میانوالی سے رپورٹ طلب کر کے ملزمان کی فوری گرفتاری کا حکم دے دیا۔ جبکہ پولیس تھانہ مکڑوال نے مقتولین کی نعشیں ٹی ایچ کیو ہسپتال عیسیٰ خیل منتقل کر کے پوسٹمارٹم کے بعد ورثاء کے سپرد کردیں اور جائے واردات سے شواہد اکٹھے کرتے ہوئے مصروف تفتیش ہے۔

بقیہ 29

مسیحی ملازمین کا کہنا تھا کہ ہم نے اس شہر کی خوبصورتی کو برقرار رکھنے کے لیے بھرپور جدوجہد کی اور ہماری منتخب نمائندہ یونین ہونے کے باوجود بھرتی کے حوالے سے سی ڈی اے انتظامیہ اور سینی ٹیشن ڈائریکٹوریٹ میں بیٹھے ہوئے مزدور دشمن افسران نے مسیحی ملازمین کے بچوں کو بھرتی میں نظر انداز کرکے ہمیں احتجاج کرنے اور سڑکوں پر آنے کے لیے مجبور کردیا ہے اور ہم اس ناانصافی اور حق تلفی کے خلاف سی بی اے کے منتخب جنرل سیکرٹری چوہدری محمد یٰسین سے بھی بھرپور ناراضگی کا اظہار کرتے ہیں اور عیدالاضحیٰ کے موقع پر پورے شہر میں صفائی کے حوالے سے مکمل ہڑتال کا فیصلہ کر چکے ہیں، اس موقع پر پاکستان ورکرز فیڈریشن کے سیکرٹری جنرل اور قائد مزدور چوہدری محمد یٰسین نے سینی ٹیشن میں کام کرنے والے مسیحی و مسلم ملازمین سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ سینی ٹیشن میں بھرتیوں کے حوالے سے خصوصاً مسیحی برادری کے ساتھ جو ناانصافی اور حق تلفی ہوئی مجھے اس پر ذاتی رنج بھی ہے اور میں یہاں آنے سے پہلے چیئرمین سی ڈی اے، ممبر ایڈمنسٹریشن اور سینی ٹیشن انتظامیہ تک اپنے تحفظات سخت الفاظ میں پہنچا چکا ہوں، میں نے بھرتیوں کے عمل سے پہلے اس بات کو ترجیح دی کہ شعبہ صفائی میں بھرتی کے حوالے سے سی ڈی اے ملازمین اور خصوصاً مسیحی ملازمین کے بچوں کو اہمیت دی جائے اور کوٹے کے مطابق بھی سی ڈی اے میں کام کرنے والے شعبہ صفائی کے محنت کش کے بچے ان ملازمتوں کے لیے پہلے حقدار ہیں، میں نے نہ صرف سی ڈی اے انتظامیہ بلکہ سینی ٹیشن سی بی اے کمیٹی کے عہدیداران کو بھی اس حوالے سے کام مکمل کرنے کی ہدایت کی تھی لیکن مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ ڈائریکٹر سینی ٹیشن جنہوں نے ہمیشہ سی بی اے کو مکمل طور پر نظر انداز کیا اور ان کا رویہ غیر مناسب رہا، وہ بھرتیوں کے حوالے سے انصاف پر مبنی فیصلہ کرنے میں مکمل طور پر ناکام ہوئے جسکی تحقیقات کروانا میری ذمہ داری ہے، چوہدری محمد یٰسین نے کہا کہ مزدور یونین نے ہمیشہ رنگ، نسل اور مذہب سے بالاتر ہوکر بلا تفریق اپنے محنت کش کی خدمت کی اور آج بھی میں مسیحی ملازمین کے ساتھ ہونے والی ناانصافی اور زیادتی کے خلاف کھڑا ہوں اور یقین دلاتا ہوں کہ نہ صرف سی ڈی اے انتظامیہ و سینی ٹیشن افسران بلکہ اگر میری تنظیم کا کوئی عہدیدار بھی اس ناانصافی میں ملوث پایا گیا تو میں اس کا بھرپور احتساب کروں گا، چوہدری محمد یٰسین نے مسیحی برادری سے گزارش کی کہ آپ اس شہر اور ہمارے ادارے کا مان ہیں اور عیدالاضحیٰ کے موقع پر جو کہ ایک مذہبی تہوار ہے آپ ہمیشہ کی طرح محنت سے کام کریں اور اپنی ہڑتال کی کال اور کام چھوڑنے کے فیصلے کو واپس لیں میں آپ کو یقین دہانی کرواتا ہوں کہ چیئرمین سی ڈی اے اور ممبر ایڈمنسٹریشن سے آپکے تحفظات کے حوالے سے مزید بات کروں گا، میں سمجھتا ہوں کہ عیدالاضحیٰ کے موقع پر ایک سوچی سمجھی سازش کے تحت یہ فتنہ پیدا کیا گیا تا کہ اس ادارے اور شہر میں بدامنی پیدا ہو، میں اپنی مسیحی برادری کے لوگوں میں پائے جانے والے غم و غصے کو بھرپور طور پر نہ صرف محسوس کرتا ہوں بلکہ خود کو بھی آپ کے سامنے قصوروار سمجھتا ہوں مسیحی برادری کے لوگوں نے چوہدری محمد یٰسین کی یقین دہانی کے بعد ہڑتال کرنے اور عیدالاضحیٰ کے موقع پر صفائی کا کام بند کرنے کے حوالے سے اپنا فیصلہ موخر کردیا، چوہدری محمد یٰسین نے یہ فیصلہ موخر کرنے پر اپنے مسیحی ملازمین کا شکریہ ادا کیا اور یقین دلایا کہ اس حوالے سے مکمل تحقیقات کی جائیں گی اور جس حد تک بھی ممکن ہو سکا میں مسیحی برادری کے ساتھ ہونے والی ناانصافی کا ہر ممکن ازالہ کروں گا۔

بقیہ 30

کام ہورہا تھا کہ الیکٹریشن اختر رسول ولد محمد انور بجلی کے پائپ ڈال رہا تھا کہ اچانک پائپ بجلی کی تاروں کو چھونے سے کرنٹ لگا تو الیکٹریشن اور مالک مکان بے ہوش ہوکر گر پڑے۔ واقعہ کی اطلاع ملتے ہی ریسکیو 1122 کی ٹیم موقع پر پہنچی تو الیکٹریشن اختر رسول دم توڑ چکا تھا جبکہ مالک مکان رضوان کو تشویشناک حالت میں ہسپتال پہنچایا۔

بقیہ 31

دوست مرزا اصغر ملک اشرف عرف اچھو اور عامر خان قربانی کے جانور خریدنے کیلئے مویشی منڈی جارہے تھے جب وہ پنجاب کالج تاندلیانوالہ کے قریب پہنچے تو تیز رفتاری کے باعث مخالف سمت سے آنے والے ٹرک سے ٹکرا گئے۔ حادثہ کی اطلاع ملتے ہی ریسکیو 1122 کی ٹیم موقع پر پہنچی تو مرزا اصغر اور ملک محمد اشرف زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے زندگی کی بازی ہار چکے تھے جبکہ ان کا تیسرا دوست عامر خان بری طرح زخمی ہوگیا ریسکیو ٹیم نے زخمی کو تشویشناک حالت میں ہسپتال پہنچایا جہاں اس کی حالت نازک بیان کی جاتی ہے حادثہ میں کار بری طرح تباہ ہوگئی پولیس نے نعشیں قبضہ میں لیکر حادثے کے مرتکب ٹرک ڈرائیور کی تلاش شروع کردی ہے جبکہ سمندری رجانہ روڈ پر تیز رفتار ویگن ٹائر پھٹنے سے الٹ گئی اور اس میں سوار متعدد مسافر بری طرح زخمی ہوگئے حادثہ کی اطلاع ملتے ہی ریسکیو ٹیم نے موقع پر پہنچ کر مرہم پٹی کے بعد متعدد مسافروں کو گھر بھیج دیا جبکہ شدید زخمی ہوئے 40 سالہ فاخرہ زوجہ شمشاد 55 سالہ رافیہ زوجہ اشرف اور 24 سالہ عمر حیات ولد محمد مراد کو ہسپتال پہنچایا۔

بقیہ 32

جائے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق انکوائری آفیسر عمر رسول کی جانب سے جمع کرائی گئی رپورٹ کے مطابق ایسے افسران کو تعریفی اسناد جاری کیے جائیں جنہوں نے اختلاف کیا اور انہیں گلزار حسین شاہ کی خفگی کا سامنا کرنا پڑا، ان افسران میں کیپٹن (ر) انوار الحق، جہانگیر احمد، عمارہ خان، علی عنان قمر، وسیم علی تابش اور ڈاکٹر فرخ نوید شامل ہیں۔ ریکارڈز سے پتہ چلتا ہے کہ نیشنل انجینئرنگ سروسز پاکستان کی تجویز پر مورت انٹرچینج کی ری ڈیزائننگ تکنیکی بنیادوں پر کی گئی اور صوبائی ترقیاتی ورکنگ پارٹی کو بعد میں اس تبدیلی کے بارے میں آگاہ کیا گیا تھا، ہاؤسنگ سوسائٹیز کے نمائندوں نے اپنے بیانات میں کہا کہ اس تبدیلی میں ان کا کوئی کردار نہیں ہے۔ دستاویزی شواہد اور تکنیکی ماہرین کے بیانات کی روشنی میں تین صف بندیوں 2017، 2020 اور 2021 کے مختلف پہلوؤں کا تجزیہ کرنے کے لیے ایک موازنہ کیا گیا۔ رپورٹ کے مطابق نام نہاد 2021 کی صف بندی غیر تکنیکی مفروضوں پر مبنی تھی، غلط بیانی اور حقائق کو چھپا کر اس کی منظوری دی گئی۔ سابق کمشنر کے خلاف کارروائی کی سفارش اس بنیاد پر کی گئی ہے کہ انہوں نے 7 مئی 2021 کو ایک غلط رپورٹ پیش کی۔ رپورٹ میں مزید کہا گیا کہ سابق کمشنر کی طرف سے پیش کی گئی فیکٹ فائنڈنگ انکوائری رپورٹ ان کے خلاف بعد میں ہونے والی تمام انتظامی اور مجرمانہ کارروائیوں کی بنیاد ہے۔ گلزار حسین شاہ کی تیار کردہ یہ رپورٹ من گھڑت اور غیر قانونی تھی جس کا مقصد کیپٹن (ر) محمد محمود کو پھنسانا، یہ اس حقیقت سے عیاں ہے کہ ان پر لگائے گئے الزامات میں سے کوئی بھی حقائق سے ثابت نہیں ہوا اور صرف قیاس آرائیوں پر مبنی ثابت ہوا۔ مزید براں گلزار حسین شاہ کی جانب سے 2021 کے آخری پراجیکٹ کے لیے اپنائے گئے طریقہ کار کی قانونی حیثیت اور منظوریوں کی بھی تکنیکی ماہرین کی ایک ٹیم کے ذریعے اچھی طرح سے چھان بین کی جانی چاہیے۔ رپورٹ میں مزید کہا گیا کہ جواد رفیق ملک کے خلاف ان کی لاپرواہی، نگرانی اور ایک افسر کے غیر موزوں طرز عمل اور چیف سیکرٹری کے عہدے پر فائز رہنے کے لائق نہ ہونے پر بھی کارروائی شروع کی جاسکتی ہے۔ جواد رفیق ملک کی لاپرواہی یا تو آسان انداز میں خاموش اختیار کرکے ملی بھگت کی طرف اشارہ کرتی ہے یا آئینی قواعد، ضوابط اور قوانین سے اسٹریٹجک پہلوتہی کی طرف اشارہ کرتی ہے تاکہ گلزار حسین شاہ کو ان کے مذموم عزائم کو جاری رکھنے کے قابل بنایا جاسکے۔ ڈاکٹر فرخ نوید کی فنی مہارت اور بے پناہ تعاون کے باعث نا صرف محکمہ پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ میں پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ سیل کے قیام میں بلکہ ان کی انتھک کوششوں کو بھی مدنظر رکھتے ہوئے مختلف شعبوں میں محکمہ پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ پنجاب کے متعدد منصوبوں کی تشکیل اور ان پر عمل درآمد کے لیے محکمے کا ادارہ جاتی فریم ورک قائم کیا جائے اور انہیں محکمے کے سیل کے سربراہ کے طور پر بحال کیا جائے۔

بقیہ 33

ایڈووکیٹ، سینئر وکیل کاشف ملک، اعلیٰ سول و فوجی حکام اور قریبی عزیز و اقارب نے شرکت کی۔ لیفٹیننٹ نعمان گزشتہ روز ٹریفک حادثے میں جاں بحق ہوگئے تھے۔ چوہدری تنویر نے نماز جنازہ کے بعد چوہدری نثار علی خان سے ان کے بھانجے کی وفات پر تعزیت کا اظہار کیا۔

بقیہ 34

عارضی طور پر معطل رہے گی۔ مورخہ 07 جولائی، صبح 04:30 بجے تا دن 10:30 بجے تک بلوچ، جندالی، پھولجری ٹی کے ایل بجیرہ، عباس پور، منڈھول، بھنگو، سراری، نیو منڈھول، فارورڈ کہوٹہ فیڈرز، صبح 07:00 بجے تا دن 12:00 بجے تک مورت، مدینہ ٹاؤن، تلہ گنگ سٹی، انگوری، نیو کلیام، اولڈ کلیام، ایچ پی ٹی۔III، انڈسٹریل، پپلی فیڈرز، مورخہ 09 جولائی، صبح 07:00 بجے تا دن 12:00 بجے تک نیو کلیام، اولڈ کلیام، ایچ پی ٹی۔III، انڈسٹریل، پپلی، چروہی فیڈرز اور گردونواح بند رہیں گے۔ آئیسکو انتظامیہ اپنے معزز صارفین سے بجلی کی بندش پر معذرت خواہ ہے۔ وقت سے قبل کام مکمل ہونے کی صورت میں بجلی کی سپلائی مقررہ شیڈول سے پہلے بھی بحال کی جاسکتی ہے اور گردونواح کی بجلی بند رہے گی

بقیہ 35

کھود کر ایک گاڑی کو نکالنے میں مصروف ہیں جب کہ تصاویر میں واضح طور پر دیکھا جاسکتا ہے کہ گاڑی زیر زمین اب تک محفوظ ہے۔ سوشل میڈیا پر اپ لوڈ کی گئی تصاویر میں دیکھا جاسکتا ہے کہ طالبان کے بانی ملا عمر کی گاڑی کو محفوظ رکھنے کے لیے اس پر پلاسٹک کور چڑھایا گیا ہے۔ محمد جلال کی جانب سے ٹوئٹر کے کیپشن میں لکھا گیا یہ گاڑی (ٹوئٹا ویگن) امارات اسلامی افغانستان کے بانی ملا محمد عمر کے زیر استعمال رہی ہے، اسے زمین کھود کر نکال لیا گیا ہے اور اب اسے صاف کیا جائے گا، انہوں نے ٹوئٹ میں مزید لکھا کہ مرحوم امیر ملا محمد عمر مجاہد یہ ٹوئٹا ویگن امریکی حملے کی شروعات کے دوران قندھار سے زابل کے سفر کے لیے استعمال کیا کرتے تھے۔ طالبان رہنما نے ٹوئٹ میں یہ واضح نہیں کیا کہ یہ ویگن افغانستان میں کس مقام پر موجود ہے اور یہ کب چھپائی گئی تھی۔

بقیہ 36

خیبر پختونخوا میں ایسا کریں۔ مبینہ آڈیو ٹیپ پر بات کرتے ہوئے خواجہ آصف نے کہا کہ بشریٰ بی بی کا سیاست سے تعلق ثابت ہوگیا ہے، سیاست جیسے کام میں جب آپ دخل اندازی کرتے ہیں تو تنقید کے دائرے میں بھی آتے ہیں اور ہاتھ اور کپڑوں پر داغ بھی لگتے ہیں۔ وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا کہ تحریک انصاف کو چیلنج کیا ہے کہ بشریٰ بی بی کے آڈیو کا فارنزک کروالیں، یہ آڈیو سب سے بڑا ثبوت ہے کہ کوئی سازش نہیں ہوئی۔

بقیہ 37

نے کہا کہ پی ٹی آئی رہنما حلیم عادل شیخ کی گرفتاری اینٹی کرپشن سندھ کی وجہ سے ہوئی ہے، حلیم عادل پر کئی مقدمات درج ہیں، کوئی احتساب سے بالاتر نہیں ہے۔ شرجیل میمن نے کہا کہ پی ٹی آئی اور اتحادیوں کے کیس ہیں، قانون اپنا راستہ لے گا، الزامات جھوٹے ہوں گے تو عدالت سے رہا ہوجائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ سندھ اسمبلی میں سینیٹ کے الیکشن کا عمل جاری ہے، پی ٹی آئی نے الیکشن کا بائیکاٹ کیا ہے، 5 بجے کے بعد یہ سینیٹ الیکشن میں دھاندلی کا رونا روئیں گے۔ شرجیل میمن نے کہا کہ عمران خان سیاست کریں، اداروں کے خلاف گھناؤنی حرکتیں نہ کریں، عمران خان کے اہل خانہ کی کچھ ریکارڈنگ سامنے آئی ہیں، یہ کوئی گھریلو خاتون تھیں جو وزیر اعلیٰ لگواتی تھیں۔ واضح رہے کہ پولیس کی جانب سے سندھ اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر اور پی ٹی آئی رہنما حلیم عادل شیخ کو رات گئے لاہور کے نجی ہوٹل سے حراست میں لے لیا گیا تھا۔

بقیہ 38

دونوں زخمی اہلکاروں کو ہسپتال منتقل کیا جہاں وہ زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے چل بسے، جاں بحق افراد کی شناخت ٹریفک آفیسر شوکت خان اور حبیب اللہ کے نام سے ہوئی ہے۔

بقیہ 39

سے بوگس بیلٹ پیپرز کے ذریعے جیلوں میں بند قیدیوں کی ووٹ حاصل کرنے کی کوشش کر رہا ہے اور محمد اجمل چیمہ کی طرف سے روزانہ ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزیاں کی جارہی ہیں اور ووٹ کے حصول کیلئے لوگوں کو ڈرانا دھمکانا شہریوں کے حقوق کی کھلم کھلا خلاف ورزی کے زمرے میں آتا ہے اور بوسٹل بیلٹ پیپرز انکی مرضی سے ڈلوائے جا رہے ہیں۔ الیکشن کمیشن وفاقی، صوبائی اور لوکل گورنمنٹ کے اداروں کو اثر ورسوخ کرنے سے روکا جائے۔

بقیہ 40

آسامیوں پر بروقت تقرری جامعات میں تعلیمی، انتظامی امور کو مؤثر طور پر چلانے کے لیے ضروری ہے۔ وائس چانسلرز کی مدت ختم ہونے سے 6 ماہ قبل ریگولر وائس چانسلرز کی تعیناتی کا عمل شروع کردیا جائے۔ گورنر پنجاب کی جانب سے کہا گیا کہ تعلیم اور صحت کے شعبوں میں ترقی موجودہ حکومت کی ترجیحات میں ہے، یونیورسٹیوں کے امور میں بہتری کے لیے وائس چانسلرز کانفرنس کا انعقاد جلد کیا جائے گا۔ یونیورسٹیوں میں ماحولیات کے حوالے سے کام کرنے کے لیے کنسورشیم بنا رہے ہیں۔

بقیہ 41

منٹ، تیزگام ایکسپریس 12 گھنٹے 30 منٹ، کراچی ایکسپریس 12 گھنٹے، شاہ حسین ایکسپریس 11 گھنٹے، فرید ایکسپریس 10 گھنٹے 30 منٹ، سرسید ایکسپریس 10 گھنٹے، گرین لائن ایکسپریس 9 گھنٹے 30 منٹ، خیبر میل ایکسپریس 9 گھنٹے، رحمان بابا ایکسپریس 6 گھنٹے 30 منٹ، پاکستان ایکسپریس 3 گھنٹے، جعفر ایکسپریس 2 گھنٹے 40 منٹ تاخیر کا شکار ہے۔ دوسری جانب بارشوں کے باعث کراچی ڈویژن میں ٹریک متاثر ہونے سے اپ ریلوے ٹریک بلاک ہوگیا ہے۔ سرگودھا سے کراچی جانے والی ملت ایکسپریس کو پڈعیدن، راولپنڈی سے کراچی جانے والی تیزگام ایکسپریس باندھی، ملتان سے کراچی جانے والی ذکریا ایکسپریس کو نوابشاہ ریلوے اسٹیشن پر روک دیا گیا

بقیہ 42

ہر سیل پوائنٹ کے لیے کم از کم 2 گاڑیاں بطور شٹل سروس چلائی جائیں گی۔ محکمہ بلدیات کے متعلقہ افسران اور اہلکاروں کو شٹل سروس کے لیے گاڑیوں کی فراہمی کا فوری بندوبست کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔

بقیہ 43

بوگس کال کرنے والے ملزم حارث کو گرفتار کرکے مقدمہ درج کرلیا، ایس پی پوٹھوہار رانا عبدالوہاب نے کہا ہے کہ شہریوں سے التماس ہے کہ 15 ایمرجنسی ہیلپ لائن پر غیر ضروری/بوگس کالز سے اجتناب کریں، آپ کی ایک غلط کال کسی شہری کو ایمرجنسی سہولت حاصل کرنے سے محروم کرسکتی ہے۔

بقیہ 44

زیادتی اور ہراسمنٹ جیسے واقعات ناقابل برداشت ہیں۔

بقیہ 45

گہرائیوں سے خوش آمدید کہا_ مرکزی چیئرمین خواجہ اظہر گلشن نے قومی تاجر اتحاد میں نئے شامل ہونے والے تاجر جن میں عرفان چودھری، چوہدری محمد ساجد، سید عدنان ہاشمی، ملک ساجد کھوکھر، حاجی عظیم، اسلم برکاتی، محمد عمر، عبدالرحمٰن چوہدری، میاں تنویر احمد سپرا، چوہدری امیر سلطان، چوہدری فاروق، عثمان حنیف، بلال ارشد، ملک ناصر علی، فیصل ڈوگر، عدنان خالد، میاں نعیم، عبدالوحید اور دیگر سے حلف لیا_ اس موقع پر چیئرمین سپریم کونسل قومی تاجر اتحاد خواجہ اظہر گلشن نے تاجروں سے خطاب کرتے ہوئے کہا قومی تاجر اتحاد غیر سیاسی تنظیم ہے ہم صرف اور صرف تاجروں کے حقوق کی بات کرتے ہیں_ تاجر برادری اس مشکل ترین دور میں کس طرح گزارا کر رہی ہے اس بات سے بخوبی واقف ہوں _صدر قومی تاجر اتحاد پاکستان ملک خالد محمود نے کہا موجودہ حکومت ہوش کے ناخن لے اور تاجروں کو ہر ممکن ریلیف مہیا کریں_ انہوں نے کہا اگر موجودہ حکومت نے تاجروں پر بلاوجہ لگائے گئے ٹیکس کا خاتمہ نہ کیا اور تاجروں کو ہر ممکن ریلیف مہیا نہ کیا گیا تو لاہور کی سڑکوں پر دمادم مست قلندر ہوگا_ صدر قومی تاجر اتحاد سنچری ٹاور عرفان چودھری نے آنے والے تمام معزز مہمانوں کا شکریہ ادا کیا_ عرفان چودھری نے کہا ہم اپنے قائد خواجہ اظہر گلشن کی ہر کال پر لبیک کہیں گے _ اور ان کے نقش قدم پر چلتے ہوئے ہیں پاکستان بھر میں قومی تاجر اتحاد کا نام مزید روشن کریں گے_ انہوں نے کہا ملک میں تیزی سے بڑھتی ہوئی مہنگائی_ بے روزگاری_ چوری ڈکیتی_ منشیات فروشی_ مہنگا پٹرول_ مہنگی بجلی_ بے جا ٹیکس_ آٹا چینی اور دالوں کی بڑھتی ہوئی قیمتیں موجودہ حکومت کی نااہلی کا منہ بولتا ثبوت ہے_ اگر موجودہ حکومت نے تاجروں کے مسائل کو اولین ترجیحی بنیادوں پر حل نہ کروایا تو اپنی قیادت سے مشاورت کے بعد اگلے لائحہ عمل کا اعلان کریں گے_ تقریب کے اختتام پر آنے والے تمام مہمانوں کو عرفان چوہدری کی طرف سے عشائیہ بھی دیا گیا اور ملک و قوم کی سلامتی کے لیے دعا بھی کروائی گی

بقیہ 46

شکار ہو کر کھنڈرات کا نظارہ پیش کر رہی ہے وہی ساتھ صفائی کے انتظامات نہ ہونے کی وجہ علاقے کی خوبصورتی ماند پڑ گی اہل علاقہ نے اپنی تاثرات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ منتخب نمائندے اہل مطوعہ کو ووٹ کے لیے استعمال کرتے ہیں ووٹ لیکر کا ووٹ کا حق ادا نہیں کرتے منتخب نمائندے مطوعہ کو بنیادی سہولیات فراہم کرنے میں بری طرح ناکام اور مستقل چشم پوشی اختیار کی ہوئی اہل علاقہ نے کہا علاقے میں بنیادی مرکز صحت نہ ہونے ہیلتھ کی سہولیات ناپید ہیں جسکی وجہ اہل علاقہ علاج معالجہ کے لیے تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال کا رخ کرتے ہیں بچوں بچیوں کے کے لیے ہائی سکول بھی موجود نہیں منتخب عوامی نمائندوں کی نااہلی مطوعہ کے مکینوں کے گلے پڑ گی مین شاہراہ کھنڈرات کے نظارے پیش کر رہی ہے جبکہ بلدیہ میونسپل کمیٹی گوجر خان کی جانب صفائی کے انتظامات نہ ہونے کی وجہ سے گلیاں گندگی کے ڈھیر بن چکی ہیں اہل علاقہ نے کہا کہ سابق وزیراعظم، اسپیکر اسمبلی راجہ پرویز اشرف نے بھی علاقے کو لاوارث چھوڑ دیا ہے اہل علاقہ نے علاقے کی تعمیر و ترقی کے لیے سابق وزیراعظم راجہ پرویز اشرف سے علاقے کی تعمیر و ترقی کے لیے اقدامات اٹھانے کا مطالبہ کیا ہے اور کہا ہے کہ علاقے میں ہیلتھ کے لیے بنیادی مرکز صحت کے ساتھ بچوں بچیوں کے لیے ہائی سکولز بنایا جائے اور آسان سفری سہولیات کے لیے کارپٹ روڈ بنائی جائے اہل علاقہ کے تمام بنیادی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنانا عوامی منتخب نمائندوں کی ذمہ داری بنتی ہے عوامی منتخب نمائندے اپنی ذمہ داریوں سے چشم پوشی اختیار نہ کریں

بقیہ 47

بلال ظفر شیخ نے کہا کہ غفلت و لاپرواہی کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی، پولیس ملازمین اپنا رویہ درست رکھیں۔ عوام کی خدمت کو اپنا شعار بنائیں، کسی بھی علاقے میں واردات کی ذمہ داری متعلقہ ایس ایچ او پر ہوگی۔ مقدمات کی تفتیش میں سستی اور مجرمان کی عدم گرفتاری پر بھی کوئی رعایت نہیں برتی جائے گی۔

بقیہ 48

کے لیے بنائے گئے پارک میں پراپر انتظامات بنیادی سہولیات نہ ہونے کی بنا پر شہریوں نے پارک کی جانب رخ کرنا چھوڑ دیا پارکوں میں بچوں کی تفریح کے لیے بنیادی سہولیات نہ ہونے کی بنا پر گوجر خان اور گردونواح کے باسی اپنے بچوں کو راولپنڈی پارکس میں لے جانے پر مجبور اہل علاقہ نے اسپیکر قومی اسمبلی راجہ پرویز اشرف مطالبہ کیا ہے کہ گوجر خان کے باسیوں کے لیے ایک بڑا پارک بنوایا جائے اور جوسال پارکس اور شریف پارک جی ٹی روڈ پر بنا ہے انکی تزئین و آرائش کروائی جائے اور ان میں بچوں کی تفریح کے لیے جھولے اور دیگر سہولیات فراہم کی جائیں شہریوں نے اسسٹنٹ کمشنر گوجر خان مہر غلام عباس ہرل سے بھی مطالبہ کیا ہے سال پارکس میں بنیادی سہولیات کو یقینی بنایا جائے اور بچوں کی تفریح کے لیے گرین بیلٹس اور پارکوں میں صفائی ستھرائی کو یقینی بنا کر اور جھولوں کی مرمت کروا کر تمام پارکس کو قابل استعمال بنایا جائے

بقیہ 49

یہ ایک جان لیوا کھیل ہے پچھلے ایک سال میں سیکڑوں بچے ون ویلنگ کی وجہ سے اپنی جان گنوا بیٹھے اور متعدد معذور ہو چکے ہیں یہ نا صرف آپ کی اپنی جان کے لیے خطرہ ہے بلکہ دوسرے روڈ یوزر کی جان و مال کے نقصان کا سبب بھی بن سکتا ہے، ان خاص دنوں میں میری والدین سے بھی گزارش ہے کہ ذمہ داری کا ثبوت دیں آئیں آگے بڑھیں اپنے بچوں اور اس معاشرے کو حادثات سے محفوظ بنانے اور ون ویلنگ کی روک تھام کے لیے سٹی ٹریفک پولیس کا ساتھ دیں، اپنے بچوں پر خصوصی نظر رکھیں اور کم عمری میں انھیں موٹر سائیکل، گاڑی دینے سے گریز کریں تا کہ آپ کو کسی قسم کی قانونی پریشانی کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ سٹی ٹریفک پولیس راولپنڈی نے ہمیشہ کی طرح اپنی ذمہ داری نبھاتے ہوئے ون ویلنگ کی روک تھام کے حوالے سے خصوصی سکواڈ تشکیل دے دیے ہیں جنھوں نے اس خونی کھیل کی روک تھام کیلئے پشاور روڈ، مال روڈ، جہلم روڈ اولڈ ائیرپورٹ روڈ، مری روڈ، سکستھ روڈ سمیت دیگر اہم شاہراہوں پر کارروائی کا آغاز کر دیا ہے اسکے ساتھ ساتھ ایسے تمام مکینک جو ون ویلنگ کے لیے موٹر سائیکل کی آلٹریشن کرتے ہیں ان کی خفیہ طور پر مانیٹرنگ بھی کی جارہی ہے اور جو اس گھناؤنے کھیل میں ملوث پایا گیا ان کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لاتے ہوئے باقاعدہ ایف آئی آر درج کروائی جائے گی کیونکہ راولپنڈی ٹریفک پولیس شاہراہوں کو حادثات سے محفوظ بنانے اور ٹریفک لاء انفورسمنٹ کو یقینی بنانے کیلئے بھرپور محنت کر رہی ہے۔

بقیہ 50

02 ملزمان اسماعیل اور کل محمد کو گرفتار کرلیا، ملزمان سے 02 پستول 30 بور معہ ایمونیشن برآمد ہوئے، وارث خان پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے ہوائی فائرنگ کرنے والے ملزم محمد تنویر کو گرفتار کرلیا، ملزم سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن برآمد ہوا، نیوٹاؤن پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے ملزم دانش کو گرفتار کرلیا، ملزم سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن برآمد ہوا، نصیر آباد پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے ملزم اویس کو گرفتار کرکے ملزم سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن برآمد کرلیا، ٹیکسلا پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے 02 ملزمان علی رضا اور شاکر کو گرفتار کرلیا، ملزمان سے 02 پستول 30 بور معہ ایمونیشن برآمد ہوئے، مندرہ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے 02 ملزمان عدنان اور وسیم اکرم کو گرفتار کرکے ملزمان سے 02 پستول 30 بور معہ ایمونیشن برآمد کرلیے، جبکہ چکری پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے ملزم اسد کو گرفتار کرکے ملزم سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن برآمد کیا، ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کرلیے گئے، ایس ایس پی آپریشنز وسیم ریاض خان نے کہا ہے کہ راولپنڈی پولیس کا ہوائی فائرنگ اور ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے۔

بقیہ 51

ہوئے کہا کہ شہریوں کو ان کے قیمتی اثاثے سے محروم کرنے والوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری رہے گا۔

بقیہ 52

روانی کو احسن طریقے سے برقرار رکھنے کیلئے ٹریفک پولیس کے 360 سے زائد اہلکار تعینات کئے گئے، نو پارکنگ کے خاتمہ اور حادثات کی صورت میں بروقت مدد کی فراہمی کو مدنظر رکھتے ہوئے اضافی لفٹر اور کرین بھی فراہم کر دی گئیں۔ تفصیلات کے مطابق چیف ٹریفک آفیسر راولپنڈی نوید ارشاد کے احکامات پر عمل کرتے ہوئے ڈیوٹی آفیسر ٹریفک ہیڈکوارٹر محمد وسیم نے عیدالضحی کی تعطیلات کے دوران سیاحتی مقام کوہ مری میں سیاحوں کو ٹریفک کی ہر ممکنہ سہولیات کی فراہمی کے پیش نظر جامع اور منظم ٹریفک پلان مرتب کر لیا۔ سیاحوں کو ہر ممکنہ سہولیات فراہم کرنے اور ٹریفک کی روانی کو احسن طریقے سے برقرار رکھنے کیلئے ٹریفک پولیس کے 360 سے زائد اہلکار تعینات کیے گئے ہیں جبکہ نو پارکنگ کے خاتمہ اور بروقت مدد کیلئے اضافی لفٹر اور کرین بھی مہیا کی گئی ہیں۔ سیاحوں کی سہولت اور رہنمائی کیلئے سنی بینک میں کنٹرول روم بھی قائم کر دیا گیا ہے۔ اس موقع پر چیف ٹریفک آفیسر راولپنڈی نوید ارشاد نے کہا ہے کہ مری میں تقریبا 3500 گاڑیوں کی پارکنگ کی گنجائش ہے مری کی شاہراہیں دو طرفہ اور تنگ ہیں لہذا ضلعی انتظامیہ کے احکامات کے پیش نظر مری میں صرف 8000 گاڑیوں کے داخلہ کی اجازت ہوگی جس پر عملدرآمد کروانے کیلئے مری کے تمام داخلی و اندرونی راستوں پر تینوں شفٹ میں خصوصی چیکنگ و کاؤنٹنگ پکٹس قائم کی جائیں گئیں جہاں صرف لائسنس ہولڈر ڈرائیورز اور مکینیکلی طور پر فٹ گاڑی کو مری داخلے کی اجازت دی جائے گی اس کے ساتھ مری جانے والے سیاحوں میں مری کے راستوں کے متعلق آگاہی و احتیاطی تدابیر کے حوالے سے پمفلٹ بھی تقسیم کیے جائیں گے، ہیوی ٹریفک کو مخصوص وقت سے پہلے مری شہر میں داخلہ کی اجازت نہیں ہوگی، مری کی سات شاہراہوں کو ون وے قرار دیا گیا ہے جبکہ رش کے دوران لائن و لین کی پابندی کروانے کے لیے اضافی پیٹرولنگ آفیسر بھی تعینات کیے گئے ہیں تاکہ ڈبل لائن کی وجہ سے ٹریفک کی روانی متاثر نہ ہو۔ مری کے رش والے مقامات جن میں GPO چوک، کشمیر پوائنٹ، سنی بینک، چوک، لاری اڈہ، کلڈنہ چوک، جھیکا گلی چوک، PC بھوربن روڈ، باڑیاں روڈ، نیو مری کے علاوہ دیگر اہم پوائنٹس پر اضافی نفری تعینات کی گئی ہے جو کہ ٹریفک کی روانی کو برقرار رکھنے کے ساتھ سیاحوں کی مدد و رہنمائی بھی کرے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ مری آنے والے سیاحوں سے گزارش ہے مری شہر میں بلا رکاوٹ ٹریفک کی روانی کو یقینی بنانے کیلئے ٹریفک پولیس کی طرف سے دی گئی ہدایات پر عمل کریں اور شاہراہوں پر موجود ٹریفک اہلکاروں سے تعاون کریں، اپنی گاڑی کو مناسب جگہ پر درست پارک کریں، حادثات سے محفوظ سفر کیلئے جلد بازی اور غلط اوورٹیکنگ سے گریز کریں، دوران ڈرائیونگ تحمل مزاجی کا مظاہرہ کریں اور ڈبل لائن ہرگز نہ بنائیں، تنگ سڑک ہونے کے کی وجہ سے روڈ کنارے غلط پارکنگ کر کے سیلفیاں بنانے سے گریز کریں۔ راولپنڈی ٹریفک پولیس شہریوں کیلئے ریڈیو اسٹیشن 88.6 اور آفیشل سوشل میڈیا پیجز کے ذریعے شہریوں کو مری کی صورتحال کے متعلق گاہے بگاہے آگاہی فراہم کرے گی۔ مری جانیوالے سیاح دوران سیاحت ٹریفک سے متعلقہ کسی قسم کی مدد و رہنمائی کے لئے ہیلپ لائن نمبر 0519269200 اور 03077770598 پر رابطہ کرسکتے ہیں۔

بقیہ 53

10.99 ارب روپے کا بعد از ٹیکس منافع کمایا اور اس کی فی حصص آمدنی 17.32 روپے رہی۔ جبکہ گزشتہ برس اسی عرصہ کے دوران کمپنی کو 8.42 ارب روپے کا قبل از ٹیکس، اور 5.99 ارب روپے کا بعد از ٹیکس منافع ہوا اور فی حصص آمدن 9.46 روپے رہی۔ اعلان کردہ منافع کے پیش نظر کمپنی حصہ داران کے لیے فی حصص 10 روپے والے شیئر پر 50% حتمی نقد منافع کا تجویز کیا ہے (یہ رقم پہلے سے ہی ادا شدہ 20% عبوری نقد منافع کے علاوہ ہے)۔ کچھ اہم عوامل جنہوں نے کمپنی کو نتائج حاصل کرنے میں مدد کی وہ درج ذیل ہیں: الف UFG (کی شرح 2.32% 1 سے کم ہوکر 8.60% فیصد رہ گئی ہے جس کی وجہ سے مالی سال 2019-20 میں UFG کی مد میں ہونے والی کٹوتی جو کہ 11.7 ارب روپے تھی کم ہوکر 30 جون 2021 کو 3.4 ارب روپے رہ گئی ہے۔ UFG میں خاطر خواہ کمی بورڈ اور انتظامیہ کی جانب سے بلند نظر ہدف مقرر کرنے اور ان کے حوالے سے ٹھوس کوششوں کی وجہ سے ممکن ہوئی۔ ب (قرضوں پر مالیاتی لاگت پر دوبارہ گفت و شنید کے ساتھ ساتھ اسٹیٹ بینک کی جانب سے شرح سود میں کمی نے بھی کمپنی کو مالیاتی لاگت میں 8 ارب روپے سے زیادہ کی کمی میں مدد دی۔ مزید برآں، SNGPL نے 30 ستمبر 2021 کو ختم ہونے والی پہلی سہ ماہی کے نتائج کا بھی اعلان کر دیا ہے۔ زیر جائزہ مدت کے دوران، کمپنی نے 4.27 ارب روپے کا قبل از ٹیکس منافع اور 3.03 ارب روپے کا بعد از ٹیکس منافع کمایا اور فی حصص آمدن 4.78 روپے رہی جبکہ گزشتہ سال اسی مدت میں کمپنی نے 4.47 ارب روپے کا قبل از ٹیکس اور 3.18 ارب روپے کا بعد از ٹیکس منافع کمایا تھا، اور اسی مدت کے لیے فی حصص آمدن 5.01 روپے رہی۔ تمام معاشی چیلنجوں اور مالی رکاوٹوں کے باوجود، کمپنی نے نہ صرف اپنی ترقی کی رفتار کو برقرار رکھا ہے بلکہ ترقی کی اس رفتار کو مزید تیز کر رہی ہے اور مستقبل میں امید افزا نتائج کے لیے پراعتماد ہے۔ بنیادی ڈھانچے کی ترقی کے اہداف کی بروقت تکمیل اور کمپنی کی طرف سے کیے گئے مختلف اقدامات پر بورڈ آف ڈائریکٹرز کی مسلسل توجہ سے نتائج حاصل ہوئے ہیں۔ کمپنی کی انتظامیہ اور عملہ کو یقین ہے کہ آنے والے سالوں میں کمپنی کی کارکردگی میں مزید اضافہ ہوگا۔

بقیہ 54

تقریب کے شرکاء سے خطاب کیا۔ تقریب کا اہتمام ایپارک کی جانب سے ڈاکٹر غلام محمد علی چیئرمین پی اے آر سی کے اعزاز میں ان کی کونسل سے ریٹائرمنٹ کی مناسبت سے کیا گیا۔ احمد شیر تنولی نے اپنے خطاب کے دوران شعر و شاعری سے حاضرین کے جوش و جذبہ میں اضافہ کیا۔ چیئرمین پی اے آر سی نے اپنے خطاب میں زرعی سائنسدانوں پر زور دیتے ہوئے کہا کہ کاشتکار برادری کے مسائل کے حل کے لئے دن رات کوشاں رہیں اور ملک میں غذائی تحفظ کے حصول کے لئے زراعت کو جدید خطوط پر استوار کرنے کیلئے زیادہ پیداوار کے حصول پر مبنی معیاری تحقیق اپنائیں، انہوں نے مزید کہا کہ سائنسدان ملک میں زرعی تحقیق کو زندہ کرنے کے لیے اپنے وژن اور تجربے کو بروئے کار لائیں۔ زراعت کی ترقی کو فروغ دینے کے لیے موجودہ حکومت انقلابی اقدامات کر رہی ہے۔ اس موقع پر ڈپٹی ڈائریکٹر جنرل این اے آر سی ڈاکٹر شہزاد اسد نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ڈاکٹر غلام محمد علی کی سرپرستی میں پی اے آر سی نے زرعی تحقیق و ترقی نمایاں کردار ادا کیا ماور ڈاکٹر علی اپنے تجربے اور صلاحیتوں کی بناء پر پی اے آر سی کے سائنسدانوں کے ساتھ مل کر جدید زرعی تحقیقی نظام کے تحت ملکی زرعی مقاصد حاصل کرنے میں مصروف عمل رہے تا کہ ملک زرعی خود کفالت کی جانب گامزن ہو سکے۔ لیاقت علی واہلہ صدر ایپارک پی اے آر سی نے اس موقع پر چیئرمین پی اے آر سی ڈاکٹر غلام محمد علی اور دیگر اعلی عہدیداران کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ پی اے آر سی کے ملازمین کی فلاح و بہبود خصوصا ملازمین کی پروموشن کے لئے جس محنت، جوش و جذبہ اور خلوص کے ساتھ کوششیں کی گئی ہیں ہم ان پر چیئرمین پی اے آر سی اور دیگر انتظامیہ کا شکریہ ادا کرتے ہیں کہ انہوں نے ملازمین کی ترقی، کونسل کے مالی معاملات کی بحالی کے لئے اقدامات کئے۔ اس کے علاوہ صدر ایپارک نے مختلف اجناس میں خود کفالت حاصل کرنے کے لئے زیادہ سے زیادہ فنڈز ریسرچ کے لئے مختص کرنے پر زور دیا تا کہ تحقیقی کام کو آگے کے بڑھایا جاسکے۔

بقیہ 55

کہ مون سون کا پہلا اسپیل 28 جون کو شروع ہوا، اس بار 87 فیصد زیادہ بارش ہوئی ہے،

عام آدمی کو ریلیف دینا تحریک انصاف کو پسند نہ آیا، عطا تارڑ

تحریک انصاف نے 00 یونٹ مفت بجلی دینے کے اقدام کو سپریم کورٹ میں چیلنج کر کے عوام دشمن ہونیکا ثبوت دیا

کسان، فیکٹری ورکر، مزدور اور دیہاڑی دار کے لیے یہ ریلیف پیکیج انتہائی ضروری تھا' صوبائی وزیر داخلہ

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر داخلہ عطا اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ تحریک انصاف نے پنجاب حکومت کے 100 یونٹ مفت بجلی دینے کے اقدام کو سپریم کورٹ اور الیکشن کمیشن میں چیلنج کر کے غریب اور عوام دشمن ہونے کا ثبوت دیا، ان لوگوں نے پاکستان کی معیشت تباہ کی اور لوٹ مار کا بازار گرم کیا، حکومت نے یہ اقدام غریب عوام کو ریلیف دینے کے لیے کیا۔ عطا اللہ تارڑ نے اپنے بیان میں کہا کہ ایک کسان، فیکٹری ورکر، مزدور اور دیہاڑی دار کے لیے یہ ریلیف پیکیج انتہائی ضروری تھا۔ غربت عوام کے لئے مہینے کی کمائی سے بجلی کا بل ادا کرنا بہت مشکل تھا۔ عام آدمی کو ریلیف دینا تحریک انصاف کو پسند نہ آیا، ان کو تکلیف ہوئی کہ عام آدمی اس ریلیف پیکیج سے مستفید ہوگا۔ تحریک (بقیہ نمبر 27)

اجلاس میں موجودہ سیاسی صورتحال کے حوالے سے کوئی گفتگو نہیں ہوئی

اسلام آباد (چیف رپورٹر) قومی سلامتی سے متعلق پارلیمانی کمیٹی کے ان کیمرہ اجلاس میں جو منگل کو وزیراعظم کی سربراہی میں پارلیمنٹ ہاؤس میں ہوا کم وبیش پانچ گھنٹے کے دورانیے پر محیط تھا میں فیصلہ کیا گیا ہے کہ کالعدم تحریک طالبان پاکستان سے مذاکراتی عمل جاری رکھا جائے گا۔ اجلاس کے ایجنڈے میں طالبان سے مذاکرات کا موضوع سرفہرست تھا جسکے پیش نظر کور کمانڈر پشاور جنرل فیض حمید نے بھی اجلاس میں شرکت کی۔

سرگودھا' مکڑوال کے علاقہ سلطان خیل میں موٹرسائیکل سوار مسلح افراد نے فائرنگ کر کے سسر اور بہو کو قتل کردیا

سرگودھا (ظہور حسین بخاری) مکڑوال کے علاقہ سلطان خیل میں موٹر سائیکل سوار مسلح افراد نے فائرنگ کر کے سسر اور بہو کو قتل کردیا اور وفرار ہوگئے۔ آر پی او نے واقعہ کا نوٹس لیتے ہوئے رپورٹ طلب کر لی۔ متعلقہ پولیس نے مقتولین کی نعشیں تحویل میں لیکر پوسٹمارٹم کیلئے ہسپتال منتقل دیں اور جائے واردات سے (بقیہ نمبر 28)

پنڈورا پیپرز تحقیقات، تحریک انصاف اور ن لیگی حکومت کی عدم دلچسپی

اسلام آباد (بیورو چیف) پنڈورا پیپرز تحقیقات، تحریک انصاف اور ن لیگی حکومت کی عدم دلچسپی، پنڈورا پیپرز کے اجرا کے بعد سے پچھلی حکومت کی شروع کی گئی تحقیقات ابھی تک مکمل نہیں ہوئیں۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ اقتصادی اور توانائی کے بحران کے حل ہونے کے بعد پنڈورا پیپرز کی تحقیقات مکمل کی جائیں گی۔ تفصیلات کیمطابق پی ٹی آئی اور مسلم لیگ (ن) کی حکومت نے پنڈورا پیپرز میں نام آنے والوں کی تحقیقات میں عدم دلچسپی کا مظاہرہ کیا ہے۔ پنڈورا پیپرز کے اجرا کو نو ماہ گزر چکے ہیں

راولپنڈی رنگ روڈ منصوبہ، غلط رپورٹ دینے پر سابق کمشنر گلزار حسین، سابق چیف سیکرٹری جواد رفیق کیخلاف کارروائی کی سفارش

لاہور (این این آئی) راولپنڈی رنگ روڈ منصوبے سے متعلق نئی انکوائری رپورٹ میں سفارش کی گئی ہے کہ منصوبے پر غلط رپورٹ دینے پر سابق کمشنر گلزار حسین شاہ اور پنجاب کے سابق چیف سیکرٹری جواد رفیق ملک کے خلاف تادیبی کارروائی کی (بقیہ نمبر 32)

لاہور' سندھ اسمبلی میں قائد حزب اختلاف علیم عادل شیخ کو عدالت میں پیشی کیلئے لایا جارہا ہے

15 ایمرجنسی ہیلپ لائن پر بوگس کال کرنیوالا ملزم گرفتار، مقدمہ درج

ملزم حارث نے 15 ایمرجنسی ہیلپ لائن پر کال کرکے بتایا کہ 03 افراد قتل ہوگئے ہیں

راولپنڈی (این این آئی) ریس کورس پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے 15 ایمرجنسی ہیلپ لائن پر بوگس کال کرنے والا ملزم کو گرفتار کرکے مقدمہ درج کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق ملزم حارث نے 15 ایمرجنسی ہیلپ لائن پر کال کرکے بتایا کہ 03 افراد قتل ہوگئے ہیں، ریس کورس پولیس فوری طور پر موقع پر پہنچی، دریافت پر ایسا کوئی واقعہ پیش نہ آیا تھا، ریس کورس پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے 15 ایمرجنسی ہیلپ لائن پر (بقیہ نمبر 43)

راولپنڈی' اے این ایف کی کوئٹہ ائیر پورٹ پر کارروائی

بھاری مقدار میں منشیات پنجاب اسمگل کرنے کی کوشش ناکام بنادی گئی

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) اے این ایف کوئٹہ کی ایئرپورٹ روڈ کوئٹہ پر کارروائی کرتے ہوئے بھاری مقدار میں منشیات پنجاب اسمگل کرنے کی کوشش ناکام بنادی۔ ترجمان کے مطابق ہینو ٹرالر میں بنائے گئے خفیہ خانے سے 90 کلوگرام چرس برآمد ہوئی، قلعہ عبداللہ کا رہائشی عبدالمنان نامی ٹرک ڈرائیور گرفتار کرلیا گیا، ٹرک میں 240 ڈرم کیمیکل لوڈ تھا جس کی جانچ کی جا رہی ہے۔ ترجمان کے مطابق ملزم کیخلاف انسداد منشیات ایکٹ کے تحت مقدمہ درج کر کے مزید تحقیقات کا آغاز کردیا گیا ہے۔

اسلام آباد' سی ڈی اے شعبہ صفائی سینی ٹیشن ڈائریکٹوریٹ میں ہونے والی ناانصافی پرمبنی بھرتیوں کے خلاف ملازمین کے احتجاجی مظاہرے سے مزدور یونین (سی بی اے) کے جنرل سیکرٹری چوہدری محمد یسین خطاب کررہے ہیں

مسیحی برادری کی حق تلفی کسی صورت قبول نہیں، چوہدری محمد یسین

شعبہ صفائی میں بھرتیوں میں ناانصافی کے خلاف مسیحی برادری کا احتجاج، ہڑتال کی دھمکی

مزدور یونین کے جنرل سیکرٹری کی یقین دہانی پر ہڑتال اور عیدالاضحیٰ پر کام بند کرنے کا فیصلہ موخر کردیا گیا۔

اسلام آباد (چیف رپورٹر) سی ڈی اے شعبہ صفائی سینی ٹیشن ڈائریکٹوریٹ میں گزشتہ روز ہونے والی ناانصافی پر مبنی بھرتیوں کے خلاف ادارے میں کام کرنے والے سینکڑوں مسیحی مرد و خواتین ملازمین نے بھرپور احتجاج کیا اور سی ڈی اے مزدور یونین (سی بی اے) کے جنرل سیکرٹری چوہدری محمد یسین کے حوالے سے بھی اپنی بھرپور ناراضگی کا اظہار کیا، اس موقع پر شعبہ صفائی میں کام کرنے والے (بقیہ نمبر 29)

راولپنڈی' طوفانی بارشوں اور برساتی نالے سے متاثرہ کوٹری جنگ شاہی کے قریب اپ ٹریک کو رات گئے بحال کردیا گیا

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) طوفانی بارشوں اور برساتی نالے سے متاثرہ کوٹری جنگ شاہی کے قریب اپ ٹریک کو رات گئے بحال کر دیا گیا، ڈاؤن ٹریک دو گھنٹے میں آپریشن کے لیے ریڈی ہوجائے گا، موسم کی خرابی کی وجہ سے تاخیر کا شکار ٹرینوں کے مسافروں کو پاکستان ریلوے کی طرف سے کھانا فراہم کیا گیا، چیئرمین ریلوے کی درخواست پر چیف سیکرٹری سندھ نے انتظامیہ اور پولیس کو پاکستان ریلوے کے ساتھ تعاون کی ہدایات جاری کیں،

زیر تعمیر گھر میں کام کرتے ہوئے کرنٹ لگنے سے الیکٹریشن جاں بحق

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) جھمرہ کے علاقہ لکڑ والا میں زیر تعمیر گھر میں کام کرتے ہوئے کرنٹ لگنے سے الیکٹریشن جاں بحق جبکہ مالک مکان بری طرح زخمی ہوگیا، پولیس نے نعش تحویل میں لیکر ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کر دی جبکہ زخمی کو طبی امداد کیلئے ہسپتال داخل کروا دیا۔ بتایا جاتا ہے کہ چک جھمرہ کے علاقہ 192 رب لکڑ والا میں رضوان ولد شفیع کے زیر تعمیر گھر میں شٹرنگ کا (بقیہ نمبر 30)

تاندلیانوالہ میں تیز رفتار ٹرک کی ٹکر لگنے سے کار سوار 2 دوست جاں بحق

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) تاندلیانوالہ میں تیز رفتار ٹرک کی ٹکر لگنے سے کار سوار 2 دوست جاں بحق، تیسرا شدید زخمی جبکہ رجانہ روڈ پر ویگن الٹنے سے متعدد مسافر زخمی ہوگئے۔ ریسکیو 1122 نے زخمیوں کو طبی امداد کی غرض سے ہسپتال پہنچایا دیا۔ تفصیل کے مطابق اقبال کالونی تاندلیانوالہ کے رہائشی 3 (بقیہ نمبر 31)

وزیراعظم کی شہریوں کی جانب سے حکومت کی ادائیگیوں کا نظام آسان اور موثر بنانے کیلئے اقدامات کرنیکی ہدایت

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے شہریوں کی جانب سے حکومتی کی ادائیگیوں کا نظام آسان اور موثر بنانے کیلئے اقدامات کرنے کی ہدایت کی ہے تاکہ شہری گھر بیٹھے یہ ادائیگیاں آن لائن سسٹم کے ذریعے آسانی کے ساتھ کر سکیں اس سلسلے میں وزیراعظم اسٹریٹجک ریفارمز یونٹ کے سربراہ سلمان صوفی نے بتایا کہ وزیراعظم کی ہدایت پر نیشنل بینک آف پاکستان کے ذریعے شہریوں کی طرف سے حکومت کی زیادہ تر ادائیگیاں جلد ہی بغیر کسی اضافی چارجز کے آن لائن ادا کی جاسکے گی۔

عید تعطیلات کے باعث بیچ نمبر 8 کے صارفین کے بجلی بلز ادائیگی کی مقررہ تاریخ میں توسیع' ترجمان آئیسکو

اسلام آباد (چیف رپورٹر) عید تعطیلات کے باعث بیچ نمبر 8 کے صارفین جن کے بجلی بلوں کی مقررہ تاریخ 08.07.2022 تھی اس میں 13.07.2022 تک توسیع کر دی گئی ہے۔ اب بیچ نمبر 8 کے صارفین کسی بھی اضافی سرچارج کے بغیر 13.07.2022 تک جمع کروا سکتے ہیں۔ تمام بنکوں، پوسٹ آفسز اور دیگر فارمیشنز کو ضروری ہدایات جاری کردی گئیں ہیں۔

راولپنڈی، 15 سالہ لڑکے سے زیادتی کی کوشش کرنیوالا ملزم گرفتار

ملزم کو قرار واقعی سزا دلوانے کیلئے تمام قانونی تقاضے پورے کیے جائیں گے، احمد زنیر

راولپنڈی (این این آئی) روات پولیس نے 15 سالہ لڑکے سے زیادتی کی کوشش کرنے والا ملزم گرفتار کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق روات پولیس کو متاثرہ لڑکے کے نانا نے درخواست دی کہ جبران نے میرے 15 سالہ نواسے کو ورغلا پھسلا کر خالی مکان میں لے گیا اور زیادتی کی کوشش کی، روات پولیس نے فوری طور پر مقدمہ درج کرکے ملزم جبران کو گرفتار کرلیا، ایس پی صدر احمد زنیر چیمہ نے روات پولیس کو شاباش دیتے ہوئے کہا کہ ملزم کو قرار واقعی سزا دلوانے کیلئے تمام قانونی تقاضے پورے کیے جائیں گے، بچوں اور خواتین پر تشدد، (بقیہ نمبر 44)

ثناءاللہ کی پریس کانفرنس حکومت کی بوکھلاہٹ کا منہ بولتا ثبوت ہے

رانا ثناءاللہ اور امپورٹڈ حکومت عوام کی چیخیں نکلوانے کی ذمہ داری قبول کر کے استعفیٰ دیں

لاہور (این این آئی) تحریک انصاف کے چیئرمین عمران خان کے میڈیا ایڈوائزر فیاض الحسن چوہان نے کہا ہے کہ رانا ثناءاللہ کی پریس کانفرنس حکومت کی بوکھلاہٹ کا منہ بولتا ثبوت ہے، کرپشن کے الزامات لگانے سے پہلے رانا ثناءاللہ اپنے اور اپنے قائدین کے گریبان میں جھانک لیں۔ فیاض چوہان نے اپنے بیان میں کہا کہ عمران خان کی دھمکی اور عمران ریاض کی گرفتاری نے امپورٹڈ حکومت کی نیندا اڑائی ہوئی ہے۔ رانا ثناءاللہ کا اپنا اعتراف ہیکہ ہمارے ایم این ایز اور ایم پی ایز ترقیاتی کاموں میں 37 فیصد کمیشن کھاتے ہیں۔ رانا ثناءاللہ بڑکیں اور بونگیاں مارنے کے بجائے عوام کو ریلیف دینے کی طرف توجہ دیں۔

ڈگری، آل پاکستان واپڈا ہائیڈرو الیکٹرک لیبر یونین کا احتجاج

محنت کشوں کے مطالبات کے حق تک جدوجہد جاری رہے گی، سائیں عبداللطیف

یوم احتجاج
منجانب آل پاکستان واپڈا ہائیڈرو الیکٹرک سینٹرل لیبر یونین ڈویژن ڈگری

ڈگری/ رپورٹ (عاصم آرائیں) ڈگری میں آج آل پاکستان واپڈا ہائیڈرو الیکٹرک لیبر یونین ڈویژن ڈگری کی جانب سے پرامن احتجاج قائد مزدور جناب سائیں عبداللطیف نظامانی صاحب کی ہدایت پر کیا گیا آپ جس سے ممدی چوک تک ریلی نکالی گئی ریلی کی قیادت ڈویژنل چیئرمین امیر حسن خان قائم خانی ڈویژنل سیکرٹری بابو سعید قائم خانی سب ڈویژن وائس چیئرمین سوائی مالی سیکرٹری غلام حیدر خاصخیلی جان سیکرٹری میر حبیب اللہ ٹالپور اور یوتھ ونگ کے ڈویژنل چیئرمین فیصل حیات قائم خانی یوتھ وائس چیئرمین لالہ اعجاز سیکرٹری جاوید حیات جوائنٹ سیکرٹری عامر آرائیں نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ محنت کشوں کے مطالبات کے حق تک جدوجہد جاری رہے گی۔

قومی تاجر اتحاد کمیٹی کے عہدیداران کی تقریب حلف برداری

ہم صرف اور صرف تاجروں کے حقوق کی بات کرتے ہیں، خواجہ اظہر گلشن

لاہور (نبیلہ اکبر) لاہور کی اہم شاہراہ کلمہ چوک میں واقع سنچری ٹاور میں چیئرمین سپریم کونسل قومی تاجر اتحاد پاکستان کے صدر خواجہ اظہر گلشن _ مرکزی صدر ملک خالد محمود _ مرکزی جنرل سیکرٹری اظہر کاظمی _ صدر لاہور کریانہ ایسو سی ایشن چوہدری عظمت _ علی حسنین گجر _ میاں طاہر سبحانی _ اور دیگر قائدین کی آمد _ قومی تاجر اتحاد پاکستان سنچری ٹاور کے صدر عرفان چوہدری نے مالا اور پھولوں کی پتیوں سے شاندار استقبال کیا _ نوجوانوں نے ڈھول کی تھاپ پر بھنگڑے ڈالے اور آنے والے معزز مہمانوں کو دل کی اتھاہ (بقیہ نمبر 45)

اہل علاقہ کا راجہ پرویز اشرف سے علاقے کی تعمیر و ترقی کیلئے اقدامات اٹھانے کا مطالبہ

یوسی مطوعہ گوجرخان بنیادی سہولیات سے محروم، اہل علاقہ پریشان

صفائی کے انتظامات ابتر صحت کی سہولیات ناپید منتخب نمائندے خاموش تماشائی

گوجر خان (قمر شہزاد) تفصیلات کے مطابق گوجر خان نواحی علاقہ مطوعہ کے رہائشیوں کو بنیادی سہولیات سے محروم رکھ کر انکے ساتھ سوتیلی ماں جیسا سلوک کیا جارہا ہے مین شاہراہ جو کہ سیکنڑوں دیہاتوں کو آپس میں ملاتی ہے عرصہ دراز سے ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہے جہاں گاڑی موٹرسائیکل چلانا بھی مشکل ہے عرصہ دراز سے بنی روڈ خستہ حالی کا (بقیہ نمبر 46)

ڈی پی او کا ایکشن، ناقص کارکردگی پر تین ایس ایچ اوز کو معطل

دو ایس ایچ اوز کو چارج شیٹ جاری کر کے انکوائری کا حکم دے دیا ہے

سرگودھا (خواجہ محمد عثمان سے) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر بلال ظفر شیخ نے ناقص کارکردگی پر تین ایس ایچ اوز کو معطل جبکہ دو ایس ایچ اوز کو چارج شیٹ جاری کر کے انکوائری کا حکم دے دیا ہے۔ معطل ہونے والوں میں ایس ایچ او تھانہ شاہ نکڈر انسپکٹر ظفر عباس، ایس ایچ او تھانہ بھلوال سٹی سب انسپکٹر طارق ندیم اور ایس ایچ او تھانہ کڑانہ سب انسپکٹر توقیر احمد شامل ہیں جبکہ ایس ایچ او تھانہ صدر سب انسپکٹر ظفر حسین اور ایس ایچ او تھانہ فیکٹری ایریا سب انسپکٹر شعیب سکندر کو خراب کارکردگی پر چارج شیٹ جاری کرتے ہوئے ڈی ایس پی صدر وسٹی کو انکوائری کر کے رپورٹ پیش کرنے کا حکم جاری کر دیا۔ اس موقع پر ڈی پی او (بقیہ نمبر 47)

پی ٹی آئی کے اہم رہنما حلیم عادل شیخ لاہور سے گرفتار

لاہور (بیورو چیف) رات گئے پی ٹی آئی رہنما حلیم عادل شیخ کو لاہور سے حراست میں لے لیا گیا۔ اہلیہ دعا بھٹو اور صاحبزادی عائشہ حلیم نے تصدیق کر دی۔ حلیم عادل شیخ نجی دورہ پر لاہور پہنچے تھے، جہاں وہ لاہور کے مقامی ہوٹل میں ٹھہرے ہوئے تھے، رات تین سے ساڑھے تین کے درمیان سول کپڑوں میں ملبوس اہلکاروں ہوٹل میں داخل ہوئے اور حلیم عادل شیخ کو ان کے کمرے سے حراست میں لیا۔

چوہدری نثار علی خان کے بھانجے لیفٹیننٹ نعمان کی نماز جنازہ راولپنڈی ریس کورس گراؤنڈ میں ادا کردی گئی

راولپنڈی (این این آئی) سینئر سیاستدان سابق وزیر داخلہ چوہدری نثار علی خان کے بھانجے اور کرنل ریٹائرڈ ذو الفقار مرحوم کے صاحبزادے لیفٹیننٹ نعمان کی نماز جنازہ راولپنڈی ریس کورس گراؤنڈ میں ادا کر دی گئی جس میں چوہدری نثار علی خان، مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنما سابق سینیٹر چوہدری تنویر خان، سابق ایم پی اے ملک آصف (بقیہ نمبر 33)

ٹوئٹر نے مودی سرکار کیخلاف مقدمہ دائر کردیا

آئی ٹی ایکٹ کے تحت حکومت کے پاس اس طرح کے احکامات دینے کا اختیار نہیں

نیویارک (این این آئی) ٹوئٹر نے بے جا پابندیوں کے خلاف اور غیر آئینی احکامات ماننے سے انکار کرتے ہوئے مودی سرکار کے خلاف مقدمہ دائر کردیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ٹوئٹر نے مودی حکومت کے خلاف کرناٹک ہائی کورٹ میں مقدمہ دائر کرتے ہوئے یہ موقف اپنایا ہے کہ آئی ٹی ایکٹ کے تحت حکومت کے پاس اس طرح کے احکامات دینے کا اختیار نہیں۔ رپورٹ کے مطابق مودی سرکار نے ٹوئٹر کو اپنے خلاف جاری احتجاج اور مظاہروں سے متعلق پوسٹیں ہٹانے کا حکم اور اپوزیشن رہنماؤں کے اکاونٹ بند کرنے کا مطالبہ کیا تھا۔

گوجرخان انتظامیہ کی عدم توجہی، سمال پارکس آثار قدیمہ بن گئے

جھولے بنچ سیفٹی والز ٹوٹ پھوٹ کا شکار تزئین و آرائش میں لاکھوں کے خرچ ضائع

گرین بیلٹس اور سمال پارکس گندگی اور نشئیوں کے ڈیروں کی وجہ سے فیملی کے قابل نہ رہے

گوجر خان (قمر شہزاد) تفصیلات کے مطابق تحصیل گوجر خان صوبے کی بڑی تحصیل ہونے کے باوجود ایک بڑے پارک کی سہولت سے محروم تحصیل گوجرخان ایک غازیوں شہیدوں اور نامور سیاسیوں کے نام سے جانی جاتی ہے سب سے بڑی بات اس تحصیل نے ملک پاکستان کو وزیراعظم، چیف آف آرمی سٹاف، اور ڈی جی آئی ایس آئی جیسے نامور سپوت دیئے لیکن اس کے باوجود یہاں کے بچے ایک بڑے پارک سے محروم ہیں اور شہر میں جو چھوٹے پارکس بنائے گے اور جی ٹی روڈ پر شریف پارک بنایا گیا تھا سب پارکس انتظامیہ کی عدم توجہی اور غفلت کے سبب آثار قدیمہ بن گے سمال پارکس اور شریف پارکس میں لگے جھولے انتظامیہ کی نا اہلی کی بنا پر ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہوگے اور کسی نے انکو ریپیر بھی نہ کروایا جس بنا پر ان پارکس کی تزئین و آرائش اور جھولوں پر لگائے گے لاکھوں کروڑوں روپے ضائع ہوگے انتظامیہ کی جانب سے اس پر توجہ نہ دینے کی وجہ سے جھولے، بنچ ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہوگے گرین بیلٹس دیکھ بھال نہ ہونے کی وجہ سے وجہ سمال پارکس گندگی کے ڈھیر بن گے جہاں پر نشئیوں نے ڈھیرے جما لیے شریف پارک جی ٹی روڈ پر انتظامیہ کی جانب سے کوئی دلچسپی نہ لینے کی وجہ پارک خستہ حالی کا شکار ہو گیا جھولے اور صفائی نہ ہونے کی وجہ سے پارک بوسیدہ ہو گیا فیملیز بچوں (بقیہ نمبر 48)

کراچی' پاک سرزمین پارٹی کے چیئرمین سید مصطفیٰ کمال پاکستان ہاؤس میں پریس کانفرنس سے خطاب کررہے ہیں

اسلام آباد' عارضی طور پر بجلی بند رہے گی

اسلام آباد (چیف رپورٹر) اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) کے ترجمان کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس / ڈویلپمنٹ ورکس آئیسکو ریجن کے اسلام آباد، راولپنڈی، اٹک، چکوال اور جہلم سرکلز کے مختلف علاقوں کو بجلی سپلائی کرنے والے فیڈرز پر درج ذیل شیڈول کے مطابق بجلی کی سپلائی (بقیہ نمبر 34)

عید میں چند دن رہ گئے، اپنے والدین کو عید پر غمگین نہ کریں، نوید ارشاد

راولپنڈی (این این آئی) چیف ٹریفک آفیسر راولپنڈی نوید ارشاد نے عیدالاضحیٰ کی آمد کے موقع پر ون ویلنگ کے حوالے سے اپنے پیغام میں کہا ہے کہ عید میں چند دن رہ گئے ہیں اپنے والدین کو عید پر غمگین نہ کریں اور ون ویلنگ سے اجتناب کریں کیونکہ (بقیہ نمبر 49)

DRESS HOT COM
Ladies Under Garments
CEO
Kashf Abeer
0334-6096444

Kashf Abeer COLLECTION
بوتیک سٹائل
زنانہ اور بچگانہ
برانڈڈ 2 پیس اور 3 پیس
نیازی ٹاؤن ملت کالونی گلی نمبر 21، راولپنڈی

ایڈیٹر انچیف ۔ محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل الہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ ۔ 0309-7900035

100 یونٹ بجلی مفت کرنے سے غریب کو ریلیف ملے گا

غریب کو سکھ کا سانس مل رہا ہے تو پی ٹی آئی کو اُس پر کیا اعتراض ہے؟ وہ بھی خیبر پختونخوا میں ایسا کرلیں

100 یونٹ بجلی مفت کرنا پری پول رگنگ نہیں، بجلی پر یہ رعایت پہلے بھی دی جاتی رہی ہے، خواجہ آصف کی گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ 100 یونٹ بجلی مفت کرنے سے غریب کو ریلیف ملے گا، اس سے پی ٹی آئی کو کیا تکلیف ہے؟۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ 100 یونٹ بجلی مفت کرنا پری پول رگنگ نہیں، بجلی پر یہ رعایت پہلے بھی دی جاتی رہی ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ غریب کو سکھ کا سانس مل رہا ہے تو پی ٹی آئی کو اُس پر کیا اعتراض ہے؟ وہ بھی (بقیہ نمبر 36)

ڈی آئی خان میں فائرنگ سے 2 ٹریفک پولیس اہلکار جاں بحق

ڈی آئی خان (نمائندہ خصوصی) ڈیرہ اسماعیل خان میں نئی سبزی منڈی موڑ پر نامعلوم افراد کی فائرنگ سے 2 ٹریفک پولیس اہلکار جاں بحق ہوگئے۔ پولیس کے مطابق ڈی آئی خان میں نئی سبزی منڈی کے مقام پر نامعلوم افراد نے 2 ٹریفک پولیس اہلکاروں پر فائرنگ کردی جس سے وہ شدید زخمی ہوگئے، واقعے کی اطلاع ملنے پر ریسکیو اہلکاروں نے (بقیہ نمبر 38)

علی افضل ساہی کے اجمل چیمہ پر الزامات

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف کے امیدوار پی پی 97 علی افضل ساہی نے ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنر کو درخواست گزارتے ہوئے الزام عائد کیا ہے کہ ان کے مدمقابل پاکستان مسلم لیگ (ن) کے امیدوار محمد اجمل چیمہ سرکاری مشینری کا بے دریغ استعمال کر رہے ہیں، حکومتی مشینری اور سرکاری افسران کے ذریعے ووٹرز کو ڈرایا دھمکایا جا رہا ہے جو کہ ووٹرز پر اثر انداز ہو رہا ہے جو کہ خلاف قانون اور بنیادی حقوق کی خلاف ورزی ہے، وفاقی، صوبائی اور ضلعی انتظامیہ کی طرف (بقیہ نمبر 39)

عمران خان کے پاس جو راز ہیں وہ قوم کے سامنے لائیں: شرجیل میمن

پی ٹی آئی رہنما حلیم عادل شیخ کی گرفتاری اینٹی کرپشن سندھ کی وجہ سے ہوئی ہے

کراچی (این این آئی) وزیر اطلاعات سندھ شرجیل انعام میمن نے کہا ہے کہ عمران خان صرف اقتدار چاہتے ہیں، اقتدار کے لیے وہ دھمکیاں دے رہے ہیں، ان کے پاس جو راز ہیں وہ قوم کے سامنے لائیں۔ سندھ اسمبلی میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں (بقیہ نمبر 37)

راولپنڈی، ناجائز اسلحہ رکھنے والے 10 ملزمان گرفتار

رتہ امرال پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے 02 ملزمان اسماعیل اور گل محمد کو گرفتار کرلیا

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 10 ملزمان گرفتار کرکے اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق رتہ امرال پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے (بقیہ نمبر 50)

لاہور' ایک خاتون گھر کا چولہا جلانے کیلئے کریٹ کی لکڑیاں اکٹھی کر کے لے جارہی ہیں

گورنر پنجاب کی جامعات میں وائس چانسلرز تعیناتی کا عمل 6 ماہ قبل شروع کرنیکی ہدایت

وائس چانسلرز کی مدت ختم ہونے سے 6 ماہ قبل ریگولر وائس چانسلرز کی تعیناتی کا عمل شروع کر دیا جائے بلیغ الرحمٰن

لاہور (اے ایف پی) گورنر پنجاب بلیغ الرحمٰن نے سرکاری جامعات میں وائس چانسلرز کی خالی آسامیوں کا نوٹس لیتے ہوئے یونیورسٹیوں کے انتظامی محکموں کو 6 ماہ قبل تعیناتی کا عمل شروع کرنے کی ہدایت دے دی۔ گورنر پنجاب کی جانب سے اس حوالے سے متعلقہ انتظامی محکموں کو مراسلہ ارسال کر دیا گیا۔ گورنر پنجاب محمد بلیغ الرحمان نے پبلک سیکٹر یونیورسٹیوں میں وائس چانسلرز کی خالی آسامیوں پر تعیناتی کا عمل تیز کرنے کی ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ وائس چانسلر کی (بقیہ نمبر 40)



سندھ کے وزیر اطلاعات وماس ٹرانزٹ شرجیل انعام میمن سندھ اسمبلی میں میڈیا سے بات چیت کررہے ہیں

طوفانی بارشیں، کراچی اور کوئٹہ سے لاہور آنیوالی متعدد ٹرینیں تاخیر کا شکار

لاہور (این این آئی) طوفانی بارشوں کے باعث کراچی اور کوئٹہ سے لاہور آنے والی متعدد ٹرینیں گھنٹوں تاخیر کا شکار ہوگئیں۔ ریلوے حکام کے مطابق پاک بزنس ایکسپریس 14، ملت ایکسپریس 13، علامہ اقبال 13، قراقرم ایکسپریس 12 گھنٹے 30 (بقیہ نمبر 41)

راول ڈویژن اور پوٹھوہار ڈویژن پولیس کی منشیات فروشوں کیخلاف کارروائیاں

ملزمان گرفتار کرکے 6 0 کلو سے زائد چرس برآمد کرلی گئی

راولپنڈی (این این آئی) راول ڈویژن اور پوٹھوہار ڈویژن پولیس نے منشیات فروشوں کیخلاف موثر کارروائیاں کرتے ہوئے 4 0 ملزمان گرفتار کرکے 6 0 کلو سے زائد چرس برآمد کرلی۔ سٹی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے ملزم سکندر کو گرفتار کرکے ملزم سے 1 0 کلو 6 3 0 گرام چرس برآمد کی،

عیدالاضحیٰ کی تعطیلات کے حوالے سے سیاحتی مقام کوہ مری کیلئے جامع اور منظم ٹریفک پلان جاری

راولپنڈی (این این آئی) سٹی ٹریفک پولیس راولپنڈی نے عیدالضحیٰ کی تعطیلات کے حوالے سے سیاحتی مقام کوہ مری کیلئے جامع اور منظم ٹریفک پلان جاری کر دیا، سیاحوں کی سہولت اور ٹریفک کی (بقیہ نمبر 52)

راولپنڈی، بس چوری کی واردات میں ملوث ملزم گرفتار

، ایس ایچ او نے بتایا کہ ملزم کے دیگر سہولت کاروں کو بھی گرفتار کیا جائے

راولپنڈی (این این آئی) کلر سیداں پولیس نے اہم کارروائی کرتے ہوئے بس چوری کی واردات میں ملوث ملزم گرفتار کرکے چوری شدہ بس برآمد کرلی۔ تفصیلات کے مطابق کلر سیداں پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے بس چوری کی واردات میں ملوث ملزم عامر کو گرفتار کر کے ملزم سے چوری شدہ بس برآمد کرلی، ایس ایچ او نے بتایا کہ ملزم کے دیگر سہولت کاروں کو بھی گرفتار کیا جائے، ایس پی صدر احمد زنیر چیمہ نے کلر سیداں پولیس کو شاباش دیتے (بقیہ نمبر 51)

پنجاب' مویشی منڈی جانیوالے شہریوں کیلئے مفت شٹل سروس کا اعلان

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے مویشی منڈیوں میں جانے والے شہریوں کی سہولت کے لیے 6 جولائی سے 9 جولائی تک مفت شٹل سروس چلانے کا اعلان کردیا۔ محکمہ بلدیات کے مراسلے کے مطابق شہریوں کو مویشی منڈیوں تک لیجانے کے لیے شٹل سروس صبح 7 سے رات 9 بجے تک چلائی جائے گی۔ مراسلے کے مطابق جانوروں کے (بقیہ نمبر 42)

تحریک انصاف کی مرکزی رہنما مسرت چیمہ ووٹروں سے ملاقات کررہی ہیں

بلوچستان، بارشوں سیلابی ریلوں میں جاں بحق افراد کی تعداد 37 ہوگئی

کوہلو سمیت مختلف شہروں میں کچی رابطہ سڑکیں ٹوٹ پھوٹ گئی ہیں۔ کئی علاقوں میں بجلی کی فراہمی معطل ہے

قلعہ سیف اللہ میں خنسوب کے علاقے میں سیلابی ریلہ 4 افراد کو بہا کر لے گیا' صوبائی ڈزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی

کوئٹہ: (اے ایف پی) بلوچستان بھر میں مون سون بارشوں اور سیلابی ریلوں نے تباہی مچادی، ریلوں میں بہہ کر جاں بحق ہونے والے افراد کی تعداد 23 ہوگئی ہے۔ صوبائی ڈزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (پی ڈی ایم اے) نے بتایا کہ قلعہ سیف اللہ میں خنسوب کے علاقے میں سیلابی ریلہ 4 افراد کو بہا کر لے گیا۔ پی ڈی ایم اے اہلکاروں نے چاروں افراد کی لاشیں سیلابی ریلے سے نکال لیں۔ اہل علاقہ کے مطابق خسوب خوبزئی میں بارشوں نے زیادہ تباہی مچائی ہے اور لوگ اپنی مدد آپ کے تحت امدادی کاموں میں مصروف ہیں۔ ادھر دکی میں لورالائی پٹھانکوٹ کے علاقے میں سیلابی ریلے سے دو بچوں کی لاشیں برآمد ہوئیں' لیویز کیمطابق دونوں بچے کل رات سیلابی ریلے میں بہہ گئے تھے۔

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے 8 جولائی کو منعقد ہونے والے امتحانات ملتوی

اسلام آباد (این این آئی) علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے 8 جولائی کو منعقد ہونے والے امتحانات ملتوی کر دیئے گئے۔ کنٹرولر امتحانات کے مطابق عیدالاضحیٰ کی تعطیلات کی وجہ سے امتحانات ملتوی کئے، پوسٹ گریجویٹ ڈپلومہ، ایم اے/ ایم ایس سی (اوڈی ایل) کے پرچہ جات شامل ہیں، ملتوی شدہ امتحانات اب 19 جولائی کو ہوں گے، جاری کردہ رول نمبر سلپس نئی تاریخ کے لئے کارآمد ہوں گی۔

راولپنڈی، پولیس کا پیشہ ور بھکاریوں کیخلاف کریک ڈاؤن 34 بھکاری گرفتار

پیشہ ور بھکاری راولپنڈی شہر کی مختلف شاہراہوں میں ٹریفک کی روانی کو متاثر کرتے ہیں

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے پیشہ ور بھکاریوں کیخلاف کریک ڈاؤن جاری کرتے ہوئے 3 4 بھکاریوں کو گرفتار کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق ایس ایس پی آپریشنز وسیم ریاض خان کے احکامات پر انچارجز بیگر اسکواڈز نے اپنی اپنی ٹیموں کے ہمراہ پیشہ ور بھکاریوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 34 بھکاریوں کو گرفتار کرکے راولپنڈی شہر کے مختلف تھانوں میں بند کروایا۔ اس موقع پر ایس ایس پی آپریشنز وسیم ریاض خان نے کہا ہے کہ خصوصی بیگر سکواڈ بھرپور محنت کر رہا ہے، پیشہ ور بھکاری راولپنڈی شہر کی مختلف شاہراہوں اور چوک چوراہوں کھڑے ہوکر نہ صرف ٹریفک کی روانی کو متاثر کرتے ہیں بلکہ حادثات کا بھی اندیشہ بناتے ہے لہذا عوام سے بھی گزارش ہے کہ ایسے عوامل کی حوصلہ شکنی کی جائے اس سے نہ صرف معاشرے میں بہتری آئے گی بلکہ ٹریفک کی روانی بھی بہتر ہوگی۔

100 یونٹ خرچ کرنے پر مفت بجلی: پنجاب حکومت کا پروگرام صرف سیاسی چال یا حقیقی فائدہ؟

لاہور (بیورو چیف) پاکستان کے سب سے گنجان آباد صوبے پنجاب کی حکومت نے نوے لاکھ کے قریب ایسے صارفین کو مفت بجلی فراہم کرنے کا اعلان کیا ہے جو ماہانہ سو یونٹ تک بجلی استعمال کرتے ہیں۔ پنجاب کے وزیر اعلی حمزہ شہباز نے حال ہی میں یہ اعلان کیا کہ پنجاب حکومت اگلے ایک برس تک ان تمام گھریلو صارفین کو مفت بجلی دیگی جو سو یونٹ یا اس سے کم ماہانہ بجلی خرچ کریں گے۔ انھوں نے بتایا ایسے صارفین جو اس ریلیف پروگرام سے مستفید ہوں گے ان کی سالانہ شرح 44 سے 90 لاکھ کے لگ بھگ خاندان بنتی ہے انکا کہنا تھا کہ حکومت نے اس پروگرام کیلئے سوا ارب رکھے ہیں۔

لئی اور ایکسپریس منصوبہ کا التوا، مکینوں کیلئے وبال جان بن چکا ہے

رنگ روڈ اور لئی کا منصوبہ سیاست کی رسہ کشی کا شکار ہے، ایڈوکیٹ ملک راشد محمود اعوان

گوجرخان (قمر شہزاد) تفصیلات کے مطابق ملک راشد محمود اعوان ایڈووکیٹ ہائی کورٹ نے اپنے ایک بیانیے میں کہا کہ نالہ لئی اور راولپنڈی رنگ روڈ منصوبہ شروع ہی سے سیاست کی رسہ کشی کا شکار رہا ہے آج راولپنڈی طغیانی آ چکی ہے اور کئی علاقوں کو شدید خطرہ جان لاحق ہو چکا ہے، اور اسکے ساتھ راولپنڈی روڈ میں شدید رش بن چکا ہے مگر حکمرانوں کو عوام کو تکلیف اور دشواری کا کہاں خیال ہے۔ رنگ روڈ منصوبہ سابقہ حکومت میں پایہ تکمیل تک پہنچ چکا ہے اور ایف ڈبلیو او نے رقم بھی جمع کرادی، مگر بے حسی اور سیاسی رسا کشی کی وجہ سے اس منصوبے کی طرف توجہ ہٹا لی گئی ہے۔ معروف قانون دان سماجی کارکن ملک راشد محمود اعوان ایڈووکیٹ ایڈیشنل سیکرٹری بار ایسوسی ایشن گوجرخان نورین اعوان ایڈوکیٹ نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ سابقہ ادوار میں مکمل منصوبہ جات کو عوامی مفاد کے پیش نظر جلد مکمل ہونا چاہیے تھا اور اولین ترجیح میں رکھنا چاہیے تھا انہوں نے کہا کہ حالیہ بارشوں سے نالہ لئی پر سیلابی تغیانی کا شدید خطرہ پیدا ہو چکا ہے اور راولپنڈی روڈ پر ضرورت سے زیادہ ٹرانسپورٹ کا بھی رشک پیدا ہو چکا ہے۔